Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 13 | منگل 03 جنوری 2023ء، 10 جمادی الثانی 1444ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 234

انسانی حقوق کی پامالیوں سے متعلق موثر آواز بلند کی جائے اور ملک بھر میں ہونے والی مہنگائی ریلیوں میں عوام کو متحرک کیا جائے، عمران خان

بدحال معیشت کے حقائق عوام تک پہنچائے جائیں

عمران خان کی پارٹی ترجمانوں کو ہدایت

عوام کو حکومت کی ناکامیوں سے متعلق آگاہی دی جائے، تباہ حال معیشت اور مہنگائی کے پس پردہ حقائق کو بھی عوام تک پہنچایا جائے، ذرائع

سابق وزیراعظم اور پی ٹی آئی چیئرمین عمران خان کی زیرصدارت پارٹی ترجمانوں کا اجلاس ہوا جس میں حکومت کے خلاف پارٹی بیانیے کو مزید موثر بنانے کی ہدایت کی گئی

لاہور (خصوصی نامہ نگار) سابق وزیراعظم اور پی ٹی آئی چیئرمین عمران خان کی زیر صدارت پارٹی ترجمانوں کا اجلاس ہوا جس میں حکومت کے خلاف پارٹی بیانیے کو مزید موثر بنانے کی ہدایت کی گئی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس کے دوران سابق وزیراعظم عمران خان نے پارٹی ترجمانوں کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو حکومت کی ناکامیوں سے متعلق آگاہی دی جائے، تباہ حال معیشت اور مہنگائی کے پس پردہ حقائق کو بھی عوام تک پہنچایا جائے۔ عمران خان نے ترجمانوں کو مزید تاکید کرتے ہوئے کہا کہ انسانی حقوق کی پامالیوں سے متعلق موثر آواز بلند کی جائے اور ملک بھر میں ہونے والی مہنگائی ریلیوں میں عوام کو متحرک کیا جائے، عوام کو یہ بھی بتائیں انہوں نے کس طرح این آر او ٹو سے فائدہ لیا ہے۔ سابق وزیراعظم اور پی ٹی آئی چیئرمین عمران خان کی زیر صدارت پارٹی ترجمانوں کا اجلاس ہوا جس میں حکومت کے خلاف پارٹی بیانیے کو مزید موثر بنانے کی ہدایت کی گئی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس کے دوران سابق وزیراعظم عمران خان نے پارٹی ترجمانوں کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو حکومت کی ناکامیوں سے متعلق آگاہی دی جائے، تباہ حال معیشت اور مہنگائی کے پس پردہ حقائق کو بھی عوام تک پہنچایا جائے۔ عمران خان نے ترجمانوں کو مزید تاکید کرتے ہوئے کہا کہ انسانی حقوق کی پامالیوں سے متعلق موثر آواز بلند کی جائے اور ملک بھر میں ہونے والی (بقیہ نمبر 1)

MWM وزیراعلیٰ پنجاب کو اعتماد کا ووٹ نہ دینے کا فیصلہ

سیدہ زہرہ نقوی نے وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کو اعتماد کا ووٹ نہ دینے کا فیصلہ

لاہور (خبرنگار) مجلس وحدت المسلمین پاکستان) ایم ڈبلیو ایم (کی ایم پی اے سیدہ زہرہ نقوی نے وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کو اعتماد کا ووٹ نہ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ترجمان مجلس وحدت المسلمین پاکستان کی طرف سے جاری بیان میں کہا گیا کہ (بقیہ نمبر 4)

سبطین خان اسمبلیاں تحلیل نہ کرنے کی خبروں کی تردید کردی

اسمبلیاں ضرور توڑیں گے جو آئینی قانونی پیچیدگیاں ہیں، سپیکر پنجاب اسمبلی سبطین خان

لاہور (خصوصی رپورٹر) سپیکر پنجاب اسمبلی سردار سبطین خان نے اسمبلیاں تحلیل نہ کرنے کی خبروں کی تردید کردی۔ سپیکر پنجاب اسمبلی سردار سبطین خان نے کہا ہے کہ چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان نے اسمبلیاں تحلیل نہ کرنے کی کوئی بات نہیں کی (بقیہ نمبر 3)

ضمانت منظور ہونے کے باوجود اعظم سواتی کی رہائی ممکن نہ ہوسکی

اعظم سواتی کیس، عدالت نے دلائل سننے کے بعد اعظم سواتی کی درخواست ضمانت پر فیصلہ محفوظ کرلیا

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) سینیٹر اعظم سواتی کی رہائی کا معاملہ، اسلام آباد ہائیکورٹ سے ضمانت منظور ہونے کے باوجود سواتی کی رہائی آج ممکن نہ ہوسکی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کا تحریری حکم نامہ تاحال جاری نہ ہو سکا، تحریری فیصلہ جاری نہ ہونے کے باعث ضمانتی (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اعلیٰ سطح اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

وزیراعظم کی زیرصدارت قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس جاری، اجلاس میں دی جانے والی تجاویز کی روشنی میں اہم فیصلے کیے جانے کا امکان ہے، ذرائع

وزیراعظم کی زیرصدارت قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس

سیاسی و عسکری قیادت شریک

قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں وفاقی وزرا، سروسز چیفس اور انٹیلی جنس اداروں کے سربراہان بھی شریک ہیں جبکہ اجلاس میں ملکی معیشت اور امن وامان کا تفصیل سے جائزہ لیا جائے گا

ذرائع کا کہنا ہے کہ اجلاس میں معاشی صورتحال، چیلنجز پر حکومت کی حکمت عملی اور اقدامات پر مشاورت ہوگی جبکہ امن وامان کی مجموعی صورتحال اور دہشتگردی کی حالیہ لہر کے سدباب کے لیے مشاورت ہوگی

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس جاری ہے۔ قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں وفاقی وزرا، سروسز چیفس اور انٹیلی جنس اداروں کے سربراہان بھی شریک ہیں جبکہ اجلاس میں ملکی معیشت اور امن وامان کا تفصیل سے جائزہ لیا جائے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اجلاس میں معاشی صورتحال، چیلنجز پر حکومت کی حکمت عملی اور اقدامات پر مشاورت ہوگی جبکہ امن وامان کی مجموعی صورتحال اور دہشتگردی کی حالیہ لہر کے سدباب کے لیے مشاورت ہوگی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں دی جانے والی تجاویز کی روشنی میں اہم فیصلے کیے جانے کا امکان ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس جاری ہے۔ قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں وفاقی وزرا، سروسز چیفس اور انٹیلی جنس اداروں کے سربراہان (بقیہ نمبر 5)

الیکشن کمیشن کی انٹرا کورٹ اپیلیں قابل سماعت قرار

اسلام آباد بلدیاتی انتخابات

عدالت عالیہ نے بلدیاتی الیکشن سے متعلق اپیلوں پر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے 9 جنوری کو جواب طلب کرلیا

الیکشن کمیشن اور وفاقی حکومت کی اپیلوں کی سماعت چیف جسٹس عامر فاروق اور جسٹس ثمن رفعت امتیاز پر مشتمل 2 رکنی بینچ نے کی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے وفاقی دارالحکومت میں بلدیاتی انتخابات سے متعلق فیصلے کے خلاف الیکشن کمیشن کی انٹرا کورٹ اپیل قابل سماعت قرار دے دی اور فریقین کو نوٹس جاری کر دیے۔ بلدیاتی انتخابات فیصلے کے خلاف الیکشن کمیشن اور وفاقی حکومت (بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد ہائی کورٹ نے وفاقی دارالحکومت میں بلدیاتی انتخابات سے متعلق فیصلے کے خلاف الیکشن کمیشن کی انٹرا کورٹ اپیل قابل سماعت قرار دے دی

الیکشن کمیشن کی پارلیمنٹرینز کو گوشوارے جمع کرانے کیلئے 15 جنوری تک مہلت

اسلام آباد (خبرنگار) الیکشن کمیشن نے پارلیمنٹرین وارکین صوبائی اسمبلی کو مالی گوشواروں (بقیہ نمبر 6)

متحدہ قومی موومنٹ کے تحفظات دور کرنے اتحادی حکومت کا وفد کراچی روانہ

گزشتہ روز خالد مقبول صدیقی نے مسئلہ حل نہ ہونے پر حکومت سے علیحدگی کا بیان دیا

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے تحفظات دور کرنے کیلئے اتحادی حکومت کا وفد کراچی روانہ ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق اتحادی حکومت کے خصوصی طیارے پر کراچی روانہ ہوا، وفد میں وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنااللہ، سردار ایاز صادق، ملک احمد خان، سردار (بقیہ نمبر 7)

الیکشن کمیشن اسلام آباد بلدیاتی انتخابات جلد از جلد کرانے کا فیصلہ

پولنگ کے لئے 10 جنوری کی تاریخ زیرغور ہے، حتمی تاریخ کا تعین چیف الیکشن کمشنر دیگر ممبران کی مشاورت سے کریں گے

ذرائع کے مطابق الیکشن کمیشن آف پاکستان نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات جلد از جلد کرانے کا فیصلہ کرلیا ہے

اسلام آباد (خبرنگار) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات جلد از جلد کرانے کا فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق الیکشن کمیشن آف پاکستان نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات جلد از جلد کرانے کا فیصلہ کرلیا ہے جس کے لیے تیاریاں بھی (بقیہ نمبر 8)

سابق گورنر چودھری سرور کی مخدوم ہاس لاہور آمد، احمد محمود، یوسف گیلانی سے ملاقات

لاہور (نیوز رپورٹر) سابق گورنر پنجاب چودھری محمد سرور کی لاہور میں پیپلزپارٹی جنوبی پنجاب کے صدر مخدوم سید احمد محمود اور سابق وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے ملاقات، ملکی سیاسی صورتحال پر بات چیت کی۔ پیپلزپارٹی جنوبی پنجاب کے صدر مخدوم سید احمد کی رہائش گاہ مخدوم ہاس لاہور میں سابق گورنر پنجاب چودھری محمد سرور کی آمد اور مخدوم احمد محمود سے اہم ملاقات ہوئی، ملاقات میں سابق (بقیہ نمبر 14)

نواز شریف کی (ن) لیگ کو عام انتخابات کیلئے تیار رہنے کی ہدایت

اس سلسلے میں گورنر ہاس اور سٹیٹ گیسٹ ہاس کو پارٹی رہنماں کیلئے کھولنے کا فیصلہ بھی کرلیا گیا ہے

لندن (نیوز ڈیسک) سابق وزیراعظم اور مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف نے اپنی جماعت کو عام انتخابات کیلئے تیار رہنے کی ہدایت کردی۔ مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف نے لاہور (بقیہ نمبر 15)

اوکاڑہ: کم سن بچے کے اغوا و قتل میں دو پڑوسی گرفتار

گزشتہ روز نامعلوم ملزمان نے کم سن حسن علی کو اغوا کرکے تاوان کا مطالبہ کیا

اوکاڑہ (کرائم رپورٹر) کم سن بچے کے اغوا برائے تاوان اور قتل کے واقعے میں پولیس نے پڑوسی کو گرفتار کرلیا۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق گزشتہ روز نامعلوم ملزمان نے کم سن حسن علی کو اغوا کرکے تاوان کا مطالبہ کیا اور بعد میں قتل کرکے نعش راجباہ میں پھینک دی۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کیپٹن (ر) (بقیہ نمبر 16)

چودھری پرویز الٰہی نے پنجاب اسمبلی کی نئی عمارت کا باقاعدہ افتتاح کردیا

نئی اسمبلی میں وزیراعلیٰ، سپیکر، ڈپٹی سپیکر، وزرا اور لیڈر آف اپوزیشن کیلئے سیکرٹریٹ بلڈنگ میں دفاتر بنائے گئے

نئی اسمبلی میں اگلے 100 سال کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے 500 ارکان کی گنجائش موجود ہے، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی نے پنجاب اسمبلی کی نئی عمارت کا باقاعدہ افتتاح کر دیا، وزیراعلیٰ پرویز الٰہی نے نئی عمارت کے افتتاح کے بعد دعا بھی کی۔ نئی عمارت کے افتتاح کے موقع پر چودھری پرویز الٰہی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ نئی اسمبلی میں (بقیہ نمبر 17)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی نے پنجاب اسمبلی کی نئی عمارت کا باقاعدہ افتتاح کردیا، وزیراعلیٰ پرویز الٰہی نے نئی عمارت کے افتتاح کے بعد دعا بھی کی

لاہور میں پولیس اہلکاروں کا پمپ کیشیئر پر تشدد، 34 ہزار کیش بھی لے گئے

لاہور (کرائم رپورٹر) سال بدل گیا پولیس کا رویہ نہ بدلا، لاہور میں پولیس کے شہری پر سرعام تشدد کی ویڈیو منظر عام پر آگئی۔ ایلیٹ فورس کے اہلکاروں نے پٹرول پمپ کے کیشیئر پر تشدد کیا، 34 ہزار کیش بھی لے گئے۔ سی سی ٹی وی فوٹیج میں دیکھا جاسکتا ہے کہ یکم جنوری کی رات 8 بجے ایلیٹ اہلکار (بقیہ نمبر 18)

ڈپٹی کمشنر محمد عمیر نے ڈی سی آفس لان میں کھلی کچہری منعقد

میانوالی (جنرل رپورٹر) ڈپٹی کمشنر محمد عمیر نے ڈی سی آفس لان میں منعقدہ عوامی ریونیو خدمت کچہری کے موقع پر لوگوں کے ریونیو سے متعلق مختلف مسائل سنے۔ ریونیو خدمت کچہری میں لوگوں نے ڈپٹی کمشنر کو حد براری، جائیداد کی منتقلی، (بقیہ نمبر 23)

مانگا منڈی میں پولیس مقابلہ، ایک ڈاکو ہلاک، 2 فرار

شاٹ کے چھٹیاں کے قریب فائرنگ کے تبادلے میں ڈاکوں کی فائرنگ سے ایک ملزم زخمی ہوگیا

مانگا منڈی (خبرنگار) مانگا منڈی میں پولیس مقابلے کے دوران اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ کے نتیجے میں ایک ڈاکو ہلاک ہوگیا جبکہ 2 ڈاکو تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہو گئے (بقیہ نمبر 24)

PPP کراچی کے مستقبل کیلئے حلقہ بندیوں کا وعدہ پورا کرے، کامران ٹیسوری

لاپتہ افراد ہماری پارٹی کا ایک بہت بڑا مطالبہ ہے، اسی لیے ہم گزشتہ حکومت کے ساتھ شامل ہوئے تھے، گورنر سندھ

روشنیوں کا شہر مجرموں کا شہر بنتا جارہا ہے، ہم کراچی کو مجرموں کا شہر نہیں بننے دینگے، اختیارات نہ ہونے کا رونا نہیں رونا چاہیے

لاہور: گورنر سندھ کامران ٹیسوری گفتگو کررہے ہیں

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا ہے کہ پیپلزپارٹی کراچی کے مستقبل کیلئے حلقہ بندیوں پر فیصلہ کرے، یہ ان کا وعدہ بھی تھا۔

لاہور میں گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ لاپتہ افراد ہماری پارٹی کا ایک بہت بڑا مطالبہ ہے، اسی لیے ہم گزشتہ حکومت کے ساتھ شامل ہوئے تھے، آج بھی ملاقاتوں میں پہلا مطالبہ لاپتہ افراد کا ہوتا ہے، ہمیں امید ہے اس بار یہ لوگ شاید ہمیں ناامید نہ کرسکیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال ہمیں کئی چیلنجز کا سامنا رہا، ایک سیاسی جماعت نے پورے پاکستان کو پریشان کر کے رکھا، جب مقصد عوام کی خدمت اور (بقیہ نمبر 25)

ن لیگ کا ٹرن، سپیکر، ڈپٹی سپیکر کیخلاف تحریک عدم اعتماد واپس لے لی

ذرائع کا کہنا ہے کہ نمبر پورے نہ ہونے پر ن لیگ نے سبکی سے بچنے کے لیے تحریک عدم اعتماد واپس لی

صدر آصف علی زرداری اور ن لیگ کی لاکھ کوششوں کے باوجود پی ٹی آئی اور ق لیگ کے ارکان توڑے نہ جاسکے، ذرائع

لاہور (اسپیشل رپورٹر) سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کے خلاف تحریک عدم اعتماد کا معاملہ ن لیگ کا بڑا ٹرن یا حکمت عملی میں تبدیلی؟؟؟ مسلم لیگ ن نے سپیکر اور ڈپٹی سپیکر پنجاب اسمبلی کے خلاف تحریک عدم اعتماد واپس لے لی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ نمبر پورے نہ ہونے پر ن لیگ نے سبکی سے بچنے کے لیے تحریک عدم اعتماد واپس لی، پنجاب اسمبلی میں پاکستان تحریک انصاف کے اتحاد کو واضح برتری حاصل ہے۔ ذرائع کے مطابق سابق صدر آصف علی زرداری اور ن لیگ کی لاکھ کوششوں کے باوجود پی ٹی آئی اور ق لیگ کے ارکان توڑے نہ جاسکے، بندے توڑنے میں ناکامی پر حکمت عملی کی تبدیلی کے نام پر سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کے خلاف تحریک عدم اعتماد واپس لی۔ واضح رہے کہ اس قبل ن لیگ نے وزیراعلیٰ پنجاب کے خلاف بھی تحریک عدم اعتماد واپس لی تھی، کہا جارہا ہے کہ اب (بقیہ نمبر 13)

اسلام آباد: صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

خواتین ارکان کے تحفظات دور کئے جائیں، شہباز شریف کی سینئر قائدین کو ہدایت

لاہور (نیوز رپورٹر) مسلم لیگ ن کی خواتین ارکان کے تحفظات کے معاملے پر وزیراعظم شہباز شریف نے پارٹی کی سینئر قیادت کو خواتین ایم پی ایز کے تحفظات دور کرنے کی ہدایت کردی (بقیہ نمبر 12)

عمران خان کو جیل میں دیکھ رہا ہوں، منظور وسان کی پیشگوئی

رواں سال عمران خان کا کوئی مستقبل نہیں، ان پر مصیبتیں منڈلاتی رہیں گی

کراچی (خصوصی خبرنگار) پاکستان پیپلزپارٹی کے سینئر رہنما، مشیر زراعت منظور وسان نے پیش گوئی کرتے ہوئے کہا ہے کہ نواز شریف اسی سال 2023 میں وطن واپس آئیں گے، نیا سال پی پی کے لئے بہتر ہے، پارٹی کو دیگر صوبوں میں مضبوط ہوتا دیکھ رہا ہوں۔ منظور وسان نے اپنے ویڈیو بیان میں کہا کہ رواں سال عمران خان کا کوئی مستقبل نہیں، ان پر مصیبتیں منڈلاتی رہیں گی، انہیں کسی نہ کسی دیوار کے پیچھے قید دیکھ رہا ہوں، انہیں سندھ یا بلوچستان کی جیلوں میں دیکھ رہا ہوں۔ منظور وسان نے کہا کہ عمران خان کو کچھ اداروں نے بنایا تھا، اب وہ انکے ساتھ نہیں ہیں، جو لوگ عمران خان کے ساتھ ہیں (بقیہ نمبر 19)

علامہ اقبال ایکسپریس کو کوٹری جنکشن کے قریب حادثہ

کوٹری جنکشن کے قریب کپلنگ ٹوٹ جانے کے باعث ٹرین دو حصوں میں الگ ہوگئی،

جامشورو (جنرل رپورٹر) سیالکوٹ سے کراچی جانے والی علامہ اقبال ایکسپریس کو کوٹری جنکشن کے قریب حادثہ پیش آگیا۔ تفصیل کے مطابق کوٹری جنکشن کے قریب کپلنگ ٹوٹ جانے کے باعث ٹرین دو حصوں میں الگ ہوگئی، حادثے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ ریلوے انتظامیہ کا کہنا ہے کہ ٹرین کی رفتار کم ہونے کے باعث بڑے حادثے سے بچ گئی، ٹرین کو 2 گھنٹے بعد منزل کی جانب روانہ کردیا گیا۔

پاکستان کی خوشحالی وترقی کی ضامن تحریک انصاف ہے

جب ہم دوبارہ آئے تو ملک کو معاشی طور پر مضبوط اور مستحکم بنائیں گے

عوام کی بنیادی ضروریات پوری کر کے راحت اور سکون ملتا ہے، غلام سرور خان

اڈیالہ (سٹاف رپورٹر) پاکستان کی خوشحالی وترقی کی ضامن تحریک انصاف ہے، بچے بچے کی آواز نیا پاکستان ہے، مسند اقتدار کبھی بھی حاصل زندگی نہیں رہا، ظاہری اور باطنی خواہش خدمت خلق سے جڑی ہے، عوام کی بنیادی ضروریات پوری کر کے راحت اور سکون ملتا ہے، سوئی گیس اور پانی (بقیہ نمبر 26)

فیصل واوڈا کی خالی سینیٹ نشست پر پولنگ 25 جنوری کو ہوگی

انتخاب کیلئے کاغذات نامزدگی 5 سے 7 جنوری تک حاصل کئے جائیں گے

الیکشن کمیشن نے سندھ میں سینیٹ کی خالی نشست پر انتخاب کا شیڈول جاری کردیا

لاہور (نامہ نگار) دوہری شہریت کیس کے فیصلے کے بعد تحریک انصاف کے ناراض رہنما اور سابق سینیٹر فیصل واوڈا کی خالی ہونے والی سینیٹ کی نشست پر پولنگ 25 جنوری کو ہوگی۔ الیکشن کمیشن نے سندھ میں سینیٹ کی خالی نشست پر انتخاب کا شیڈول جاری کردیا ہے، جس کے تحت نشست پر پولنگ رواں ماہ 25 تاریخ کو ہوگی۔ الیکشن کمیشن کے مطابق انتخاب کیلئے کاغذات نامزدگی 5 سے 7 جنوری تک حاصل کئے جائیں گے اور سکروٹنی 12 جنوری جبکہ امیدواروں کی حتمی فہرست 19 جنوری کو جاری (بقیہ نمبر 27)

آٹے سے لدی گاڑی سمگل کرنے کی کوشش ناکام

نصیر آباد پولیس اور محکمہ فوڈ کی مشترکہ کاروائی، 260 تھیلے آٹا برآمد

ڈرائیور کاشف کو گرفتار کرکے 260 تھیلے آٹا برآمد کیا گیا، ایس پی پوٹھوہار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) نصیر آباد پولیس اور محکمہ فوڈ کی مشترکہ کاروائی، آٹے سے لدی گاڑی سمگل کرنے کی کوشش ناکام، 260 تھیلے آٹا برآمد۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس اور محکمہ فوڈ نے مشترکہ کاروائی کرتے ہوئے آٹے سے لدی گاڑی سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی، ڈرائیور کاشف کو گرفتار کرکے 260 تھیلے آٹا برآمد کیا گیا، ایس پی پوٹھوہار کا کہنا تھا کہ غیر قانونی گندم اور آٹے کی ترسیل کرنے والوں کے خلاف کارروائی یقینی بنائی جائے گی۔ نصیر آباد پولیس اور محکمہ فوڈ کی مشترکہ کاروائی، آٹے سے لدی گاڑی سمگل کرنے کی کوشش ناکام، 260 تھیلے آٹا برآمد۔ تفصیلات (بقیہ نمبر 10)

سرگودھا: تھانہ جھاوریاں پولیس کی بڑی کاروائی

تین منشیات فروش اور ایک ناجائز اسلحہ رکھنے والا ملزم گرفتار

سرگودھا (کرائم رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد طارق عزیز کی ہدایت پر منشیات فروشوں و ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے ایس ایچ او تھانہ جھاوریاں سب انسپکٹر محمد علی نواز نے اسسٹنٹ سب انسپکٹر عابد حسین و دیگر ملازمان پر مشتمل ٹیم کے ہمراہ ریڈ کرکے ملزم طارق سے لہن 150 لٹر، شراب 20 لٹر، چالو بھٹی، اجزاء سے شراب 20 لٹر، عمر سے شراب 18 لٹر اور ملزم نوشیرواں سے پسٹل 30 بور برآمد کرکے ملزمان کے خلاف منشیات فروشی و ناجائز اسلحہ رکھنے کی دفعات کے تحت الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے ہیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد طارق عزیز کی ہدایت پر منشیات فروشوں و ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے ایس ایچ او تھانہ (بقیہ نمبر 11)

مونس الٰہی کے مبینہ فرنٹ مینوں کیخلاف FIR انکوائری شروع

تینوں افراد کے خلاف انکوائری کا آغاز ان کے اکانٹس میں مشکوک ٹرانزیکشنز کی بنیاد پر کیا گیا ہے

مونس الٰہی کے مبینہ فرنٹ مینوں پنجاب اسمبلی کے نائب قاصد قیصر، ارم امین اور ارشد اقبال کے خلاف انکوائری کا آغاز کردیا ہے

اسلام آباد (خصوصی نامہ نگار) وفاقی تحقیقاتی ادارے نے مونس الٰہی کے مبینہ فرنٹ مینوں کے خلاف انکوائری شروع کردی۔ ذرائع کے مطابق ایف آئی اے نے مسلم لیگ ق کے رہنما اور سابق وفاقی وزیر مونس الٰہی کے مبینہ فرنٹ مینوں پنجاب اسمبلی کے نائب قاصد قیصر، ارم امین اور ارشد اقبال (بقیہ نمبر 20)

صدر ڈویژن پولیس کا چونترہ اور صدر بیرونی کے علاقوں میں سرچ آپریشنز

راولپنڈی (خبرنگار) سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری کی خصوصی ہدایت پر صدر ڈویژن پولیس کا چونترہ اور صدر بیرونی کے علاقوں میں سرچ آپریشنز، سرچ آپریشنز میں گھروں، کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف، دکانوں اور افراد کی چیکنگ (بقیہ نمبر 22)

ارشد شریف قتل کا از خود نوٹس، سپریم کورٹ کا 5 رکنی لارجر بینچ سماعت کرے گا

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) سپریم کورٹ نے ارشد شریف قتل کا از خود نوٹس سماعت کیلئے مقرر کردیا، چیف جسٹس پاکستان کی سربراہی میں پانچ رکنی لارجر بینچ 5 جنوری کو سماعت کرے گا۔ سپریم کورٹ کی جانب سے صحافی ارشد شریف قتل کیس پر (بقیہ نمبر 28)

یونین کونسل تراپ کی اہم برادریوں نے ن لیگ کو چھوڑ کر میجر گروپ میں شمولیت کا اعلان کردیا،

پنڈی گھیب (خبرنگار) سابق ناظم ملک اعتبار خان اور ملک یاسین ایڈووکیٹ کی کاوشوں سے یونین کونسل تراپ کی اہم برادریوں نے ن لیگ کو چھوڑ کر میجر گروپ میں شمولیت کا اعلان کر (بقیہ نمبر 30)

پنجاب اسمبلی کے اجلاس کی تاریخ تبدیل، اب 9 جنوری کو ہوگا

11 جنوری کے بجائے 9 جنوری کو دو بجے دن اجلاس طلب کرلیا ہے

تحریک کے دوران اگر اپوزیشن اتحاد 186 کا نمبر پورا کرنے میں ناکام ہوگئی

لاہور (اسپیشل رپورٹ) پنجاب اسمبلی کے اجلاس کی تاریخ تبدیل کردی گئی اب گیارہ جنوری کے بجائے 9 جنوری کو ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق سپیکر پنجاب اسمبلی نے 11 جنوری کے بجائے 9 جنوری کو دو بجے دن اجلاس طلب کرلیا ہے، اس حوالے سے اسمبلی سیکرٹریٹ نے گزٹ نوٹیفیکیشن بھی جاری (بقیہ نمبر 21)

کوہاٹ میں خوفناک ٹریفک حادثہ، 7 افراد جاں بحق

حادثہ آدم خیل کے علاقے میں پیش آیا جہاں مزدہ ٹرک اور بولان کیری ڈبہ آپس میں ٹکرا گئے

کوہاٹ (نامہ نگار) کوہاٹ میں مزدہ ٹرک اور کیری ڈبے میں تصادم کے نتیجے میں 7 افراد جاں بحق ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق افسوس ناک حادثہ آدم خیل کے علاقے میں پیش آیا جہاں مزدہ ٹرک اور بولان کیری ڈبہ آپس میں ٹکرا گئے، حادثے کے نتیجے میں بچوں اور خواتین سمیت 7 افراد جاں بحق ہوگئے جبکہ پانچ زخمی ہیں۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیم موقع پر پہنچ گئی، حادثہ اس قدر شدید تھا کہ ریسکیو اہلکاروں نے گاڑی کی باڈی کاٹ کر لاشوں کو باہر نکالا۔ ریسکیو کی جانب سے (بقیہ نمبر 29)

اسلام آباد: اسلام آباد بلدیاتی الیکشن: سنگل بینچ کا فیصلہ معطل کرنے کی درخواست مسترد

عوامی للکار
Daily Awami Lalkaar

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

جمہوریت اور مفاہمت کی بے نظیر مشعل

سابق وزیراعظم اور پیپلز پارٹی کی سابق چیئرپرسن شہید بے نظیر بھٹو 15 ویں برسی منائی گئی۔ ملک بھر سے جیالے اپنی محبوب قائد کی برسی میں شرکت کے لیے لاڑکانہ پہنچے۔ سابق صدر آصف علی زرداری اور وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری سمیت پیپلز پارٹی کی قیادت سمیت مرکزی رہنما اور ملک بھر سے آنے والے کارکنان نے گڑھی خدا بخش میں ان کے مزار پر حاضری دی، فاتحہ خوانی کی اور پھول چڑھائے۔ گڑھی خدا بخش جلسے میں بڑی تعداد میں شریک ہوکر جیالوں نے اپنی لیڈر کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ بلاول بھٹوزرداری نے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وہ اور پیپلز پارٹی آج بھی شہید بینظیر بھٹو کے سیاسی منشور اور فلسفے پر چلتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ والدہ کی آمریت اور انتہا پسندی کے خلاف بہادرانہ جدوجہد سے حوصلہ لیتے ہیں، بے نظیر بھٹو شہید نے انہیں صرف چند مراعات یافتہ افراد کی نہیں بلکہ پورے پاکستان کے عوام کی خدمت کرنا سکھایا ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ مشرف کی طرح سلیکٹڈ کو بھی دودھ سے مکھی کی طرح باہر نکال کر پھینک دیا، وائٹ ہاس کی سازش نے نہیں بلکہ بلاول ہاس کی سازش نے سلیکٹڈ اور ان کے سہولت کاروں کو خدا حافظ کہہ دیا، یہی جمہوریت کا انتقام ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ لڑائیں گے نہیں یکجہتی کی سیاست کریں گے، دنیا بھر میں ملک کی عزت کرانی ہے، دنیا کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات کرنی ہے، ملک کو مشکل سے نکالنا ہے تو صرف اور صرف ایک ہی جماعت یہ کرسکتی ہے اور وہ ہے پاکستان پیپلز پارٹی جس نے ماضی میں کر کے دکھایا اور آئندہ بھی یہی کر کے دکھائے گی۔ انہوں نے حالیہ دہشت گردی کی ذمہ داری عمران خان حکومت پر ڈال دی اور کہا کہ کرکٹر کو اقتدار میں لانے والے عوام کو جواب دیں کہ آج دہشت گردی پھر سے کیوں سر اٹھا رہی ہے۔ والدہ کی یاد میں بختاور بھٹو زرداری نے ٹویٹ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ پچھلے 15 برس میں ہائی سکول مکمل کرنے سے لے کر یونیورسٹی جانے اور گریجویشن مکمل کرنے تک بہت سے سنگِ میل عبور کیے، بچپن سے لے کر اپنے بچے کی پیدائش تک ہر یادگار اور اہم لمحات، چاہے وہ بڑے ہوں یا چھوٹے، خوشی کے ہوں یا رنج کے، اِس غم کو ہر بار تروتازہ کردیتے ہیں۔ آصفہ بھٹو نے ٹویٹ میں لکھا کہ 15 سال گزر گئے اور زخم ابھی تک بھرا نہیں، پاکستان ابھی تک اپنی پہلی خاتون وزیراعظم کے چلے جانے سے پیدا ہونے والے خلا کو پر نہیں کرسکا۔

بلدیاتی انتخابات سے فرار کیوں؟

نسیم شاہد

اسلام آباد ہائیکورٹ نے 31 دسمبر کو اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کرانے کا حکم دیا تھا، یہ حکم ابھی تک برقرار ہے اور اِس کے خلاف حکومت اور الیکشن کمیشن کی انٹرا کورٹ اپیلیں ابھی سنی گئیں ہیں اور نہ ہی اِس حکم کو کالعدم یا معطل کیا گیا ہے۔ تحریک انصاف نے الیکشن نہ کرانے پر توہین عدالت کی درخواست بھی اسلام آباد ہائیکورٹ میں دائر کر دی ہے۔ اسلام آباد کی 101 یونین کونسلوں میں 31 دسمبر کو انتخابات کرانے کی تاریخ خود الیکشن کمیشن نے دی تھی۔ وفاقی حکومت یہ نہیں چاہتی تھی کہ اِس تاریخ کو انتخابات ہوں۔ الیکشن کمیشن نے تمام انتظامات مکمل کر لئے تھے، کاغذات نامزدگی وصول کر کے حتمی فہرستیں بھی جاری کر دی تھیں، عملے کی ڈیوٹیاں بھی لگا دی گئی تھیں اور بیلٹ پیپر بھی چھاپ دیئے تھے۔ اِسی دوران وفاقی حکومت نے اسلام آباد کی یونین کونسلوں میں اضافے کا ایک بل قومی اسمبلی اور بعدازاں سینیٹ سے عجلت میں منظور کرایا اور الیکشن کمیشن کو درخواست دی کہ انتخابات نئی یونین کونسلوں کی تعداد کے مطابق کرائے جائیں۔ اِس کے لئے نئی حلقہ بندیاں کی جائیں اور 31 دسمبر کو ہونے والے انتخابات ملتوی کئے جائیں۔ الیکشن کمیشن نے حکومت کا یہ موقف نہ مانا اور 31 دسمبر کو ہی انتخابات کرانے کا اعلان کیا۔ اِس پر اسلام آباد ہائیکورٹ میں ایک درخواست دائر کی گئی جس پر ہائیکورٹ نے الیکشن کمیشن کو فیصلے تک انتخابات کرانے سے روک دیا۔ 30 دسمبر کو اسلام آباد ہائیکورٹ نے حکم جاری کیا کہ اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات 31 دسمبر کو ہی کرائے جائیں۔ اب اصولاً تو الیکشن کمیشن کو کسی بھی ایسے حکم کے لئے تیار رہنا چاہئے تھا مگر اِس حکم کے بعد ایک طرف وفاقی حکومت اور دوسری طرف الیکشن کمیشن نے اتنے مختصر نوٹس پر انتخابات کرانے سے معذرت کر لی، یوں ایک اور بدنما واقعہ 2022 کا مقدر بن گیا۔ اب یہ معاملہ عدالت میں ہے دیکھتے ہیں اپیلوں پر کیا فیصلہ ہوتا ہے اور اسلام آباد کے عوام کو حق نمائندگی کب ملتا ہے؟ پاکستان میں بلدیاتی نظام بنیادی آئینی ضرورت ہے، آئین میں جتنا عام انتخابات پر زور دیا گیا ہے، اتنا ہی بلدیاتی انتخابات کو بھی ضروری قرار دیا ہے مگر افسوسناک امر یہ ہے کہ پاکستان میں بلدیاتی نظام کو چلنے ہی نہیں دیا جاتا۔ کوئی حکومت یہ نہیں چاہتی کہ ملک میں بلدیاتی انتخابات ہوں۔ اِس حوالے سے کوئی سیاسی جماعت بھی اپنا شفاف ریکارڈ نہیں رکھتی، ہاں جب حالات ایسے ہوں کہ حکومتوں کے لئے بلدیاتی انتخابات جیتنا یقینی نظر آئے تو یہ انتخابات کرا دیئے جاتے ہیں۔ الیکشن کمیشن کی یہ آئینی ذمہ داری ہے کہ بلدیاتی انتخابات کرائے مگر چونکہ اس کے پاس انتظامی اختیارات نہیں اس لئے وہ وفاقی وصوبائی حکومتوں کا محتاج ہوتا ہے جو مختلف حیلے بہانوں سے انتخابات نہیں ہونے دیتیں۔ آج تحریک انصاف اسلام آباد میں انتخابات کے لئے سرگرم نظر آتی ہے۔

وجودِ مرد

مصنفہ: زینب نثار بھٹی

وجودِ مرد بھی ہے، کائنات کا ایک انگ آج میں نے جس موضوع پر لکھنے کے لیے قلم اٹھایا ہے، اس موضوع پر شاید ہی کسی نے لکھا ہو۔ ان قلموں کی سیاہی بھی شاید ختم ہوگئی ہے، جو حقوق نسواں پر لکھتے تھکتے نہیں تھے۔ دنیا میں جانوروں کے حقوق کی تنظیمیں موجود ہیں لیکن مردوں کے حقوق کا کوئی ذکر نہیں۔ اس کے مسائل اور شکایات پر کوئی بحث نہیں ہوتی۔ انسان چاہے کتنا ہی طاقتور کیوں نہ ہو اس کی زندگی میں ایک وقت ضرور آتا ہے جب وہ خود کو بے بس اور کمزور محسوس کرتا ہے۔ ہاں۔۔ ان لمحوں میں نہ وہ کھل کر رو سکتا ہے، نہ آنسو بہا سکتا ہے اور نہ ہی کسی کو اپنا درد دکھا سکتا ہے۔ وہ محض ایک آدمی ہونے کی سماجی توقعات سے مغلوب ہے۔ آدمی بھی انسان ہے۔ اس کا بھی دل ہے۔ اسکے بھی جذبات ہیں، وہ بھی رونا چاہتا ہے، اپنا سر اپنی ماں کی گود میں رکھ کر، اپنی ماں سے اپنے آنسو پونچھوانا چاہتا ہے۔ لیکن "مرد روتے نہیں ہیں" ایک تلخ جملہ جو اس پر حاوی آجاتا ہے۔ لیکن یہ معاشرہ۔۔ ہم نے انسان سے اس کے بنیادی جذبات چھین لیے ہیں، انہیں برف کی موٹی تہوں سے ڈھانپ دیا ہے اور بدلے میں اسے مردانگی کی چھتری سونپی ہے۔ آدمی بھی عزت کا مستحق ہے۔ ہمارے یہاں ہر سال سینکڑوں باپ خودکشی کرتے ہیں، ایک وجہ بھوک اور غربت اور دوسری نام نہاد مردانگی کا بوجھ، وہ عموماً سوچتے ہیں کہ "میں کیسا آدمی ہوں جو اپنے بچوں کی پرورش نہیں کرسکتا؟ جو انھیں دو وقت کی روٹی کھلانے سے بھی قاصر ہے؟" معاشرے کے لوگ اسکا جینا محال کر دیتے ہیں، طعنے دے کر اسکو اذیت دیتے ہیں۔ آدمی بھی عزت کا مستحق ہے۔ مرد حضرات کو بھی مکمل آزادی ہے کہ وہ اپنے احساسات و جذبات کو بیان کریں، لیکن ہمارے اس معاشرے نے مردانگی کے ساتھ ایسی خصوصیات وابستہ کی ہیں کہ آدمی اس میں گہرا جکڑا ہوا ہے۔ وہ خود کو ان زنجیروں سے آزاد کرانا چاہتا ہے لیکن نہیں کروا سکتا کیونکہ "وہ ایک مرد ہے" کیونکہ آپ ایک مرد ہیں، آپ کو رونے کی ضرورت نہیں ہے، کیونکہ آپ ایک مرد ہیں، بالکل بھی جذباتی نہ ہوں، کیونکہ آپ ایک مرد ہیں، بچوں سے پیار مت کریں، انہیں تھامے نہ رہیں، کیونکہ آپ مرد ہیں، غصے میں ہیں، سخت ہیں، طاقت کے نشے میں ہیں اور ہر وقت لڑنے اور مرنے کے لیے تیار ہیں۔ اس سے آپ کی مردانگی ثابت ہوتی ہے۔ یہ خیال ہے ہمارے جدید تعلیم یافتہ معاشرے کا۔۔ وجودِ مرد ہی کی پسلی سے وجودِ زن کی تخلیق ہوئی ہے۔ عورت نا جانے کیوں مرد کی برابری کرنے کا سوچتی ہے؟ وہ مرد جو اپنے خاندان کو ہر طرح کے طوفان سے بچانے کے لیے سرگرم عمل رہتا ہے۔۔ جو موسم کی سختیوں کو برداشت کر کے حلال رزق کما کر لاتا ہے۔ ہمیں اس مرد کو سمجھنے، اسے سننے اور اسکے جذبات کا احترام کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ وہ کائنات کا ایک اہم جزو ہے۔ وہ اہم ہے۔۔ مرد ہر وقت اور ہر جگہ ظالم نہیں ہوتا اور نہ ہی مرد وہ! بلکہ مرد تو ایک سائباں اور ٹھنڈی چھاں کی مانند ہوتا ہے جو اپنے خاندان کا ہر طرح سے بچا کرتا ہے۔ وہ اپنی خواہشات کو پسِ پشت ڈال کر اپنے خاندان کی فکر میں لگ جاتا ہے۔ ہمارے معاشرے میں حقوق نسواں پر بہت زور دیا جاتا ہے مگر مظلوم مرد کو بھلا دیا جاتا ہے۔ مگر پھر بھی وہ مرد جھکتا نہیں ہے کمزور نہیں پڑھتا بلکہ ثابت قدم رہتا ہے۔ بہترین مرد وہی ہوتا ہے جو اپنی ذمہ داریاں اچھے طریقے سے نبھانے کا ہنر جانتا ہو۔ تمام رشتوں میں توازن برقرار رکھنا جانتا ہو۔ نبی کریم ﷺ انسان کامل اور بہترین شوہر اور باپ ہیں۔ آپ حقوق نسواں کے محافظ اور علمبردار ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آپ نے مردوں اور عورتوں دونوں کے حقوق پر روشنی ڈالی ہے۔ سنت نبویؐ پر چل کر ہر مرد بہترین مرد بن سکتا ہے۔ یہ مرد انمول ہیرے ہیں انہی کے دم سے نسوانیت زن محفوظ ہے، قوام ہیں، نگہبان ہیں اور محافظ ہیں۔

میں سلام پیش کرتی ہوں ہر اس شخص کو جس نے میری زندگی کو آسان بنانے کی خاطر مشکلات جھیلیں، میری دعا ہر اس آدمی کے لیے ہے جو رزق حلال کمانے نکلتا ہے، اللہ سب لوگوں کے رزق میں برکت عطا فرمائے۔ اور جو مرد جانور بنتے جا رہے ہیں اللہ ان کو نیکی کی راہ دکھائے اور عورتوں کا محافظ بنائے۔

موسم، خوشبو، باد صبا چاند، شفق اور تاروں میں
کون تمھارے جیسا ہے، وقت ملا تو سوچیں گے۔

جمہورستان

تحریر: اعجاز علی ساغر اسلام آباد

گزشتہ دنوں آبائی ضلع جھنگ ایک گھریلو فنکشن تھا جس میں بے پناہ مصروفیات کے باعث جانا پڑا وہاں میرا صرف ایک دن رہنے کا پروگرام تھا کیونکہ اسمبلی سیشن کور کرنے کیلئے مجھے واپس آنا تھا تحریک انصاف نے اسمبلی میں واپس آکر دیے گئے استعفوں کی تصدیق کروانی تھی پی ڈی ایم حکومت اور تحریک انصاف کی یہ رسہ کشی عدم اعتماد سے اب تک جاری ہے جسکی وجہ سے صحافتی برادری اپنے فرائض منصبی کی ادائیگی کی وجہ سے بہت مصروف ہے مجھ جیسے صحافت کے طالب علم کو بھی پارلیمنٹ کی راہداریوں میں بہت کچھ سیکھنے کو مل رہا ہے یہی وجہ ہے کہ لاسٹ چھ سات ماہ سے کسی خوشی غمی میں آنا جانا نہیں ہوا اس دفعہ جانا ہوا تو سب نے خوب گلے شکوے کیے خیر فیملی کے علاوہ اہل علاقہ والے بھی کافی خوش تھے میں بچپن کے دوستوں سے ملا کچھ دوست اپنی اپنی جابز کے سلسلے میں مصروف تھے ان سے ملاقات نہ ہوسکی۔

میرا وہاں قیام صرف ایک دن کا تھا لہذا میں گاں کے لوگوں کے مسائل جاننے کیلئے نکل کھڑا ہوا بازار گیا تو وہ بے رونق پڑے تھے دکاندار ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھے تھے مہنگائی اور غربت نے عام آدمی کی زندگی اجیرن بنادی ہے میں بازار میں ہی تھا کہ میری نظر بازار کے جنرل اسٹور پر کھڑے ایک گاہک پر پڑی وہ دکاندار سے آٹے کا مطالبہ کر رہا تھا اور کہہ رہا تھا کہ بھائی آپ کو ایک ہفتہ پہلے پیسے دے گیا تھا کہ مجھے آٹا لادو کیا ابھی تک آٹا نہیں آیا دکاندار نے کہا کہ آٹا مارکیٹ میں دستیاب نہیں تھا ورنہ ضرور لاتا وہ شخص کہنے لگا خدا کیلئے مجھے ایک کلو آٹا دیدو میرے بچے بھوکے ہیں دکاندار خود پریشان تھا وہ مزید پریشان ہوگیا خیر اس نے اس شخص کو دلاسہ دیا کہ آپ گھر چلے جائیں میں آپ کے گھر آٹا بھجواتا ہوں وہ شخص پریشانی کے عالم میں خالی ہاتھ گھر واپس چلا گیا اسکے جانے کے بعد میں دکاندار کے پاس گیا سلام دعا ہوئی میں نے سارا ماجرا پوچھا تو اس نے کہا بھائی یہ ایک شخص نہیں ہے کئی لوگوں نے ھمیں ایڈوانس پیمنٹ کی ہوئی ہے کہ شہر سے ھمیں آٹا لادو لیکن جب ھم شہر جاتے ہیں تو وہاں آٹا نہیں ملتا اور اگر ملتا بھی ہے تو وہ ان کی قوت خرید سے زیادہ کا ہے ھم مجبور ھو کر واپس آجاتے ہیں۔

عموما دیہاتوں میں لوگ گندم کی کٹائی کر کے سال بھر کی گندم بنا کر رکھتے ہیں تاکہ دکانوں سے آٹا نہ لینا پڑے لیکن پچھلے کچھ سالوں سے غربت اور مہنگائی اس قدر بڑھی ہے کہ ان لوگوں کے پاس کھانے کیلئے گندم نہیں بچتی بیچارے دکانوں سے آٹا لیکر گزر بسر کر رہے ہیں۔

ایک رات اور دن گزارنے کے بعد میری اسلام آباد واپسی ھوگئی اور میں کاموں میں مصروف ھوگیا گھر واپس پہنچے دوسرا تیسرا روز تھا کہ ہمسائی عورت نے دروازے پر دستک دی بیگم صاحبہ نے دروازہ کھولا اور پوچھا تو اس نے کہا کہ آپ کے گھر میں آٹا ھوں مجھے آج کیلئے آٹا اور چینی دیدیں کیونکہ یہاں آٹا نہیں مل رہا اور جو تھوڑا بہت مل رہا ہے تو وہ سارا ڈبل ٹرپل قیمت پر بک رہا ہے جسکو خریدنے کی ھم میں سکت نہیں ہے یہی الفاظ میں گاں میں بھی سن چکا تھا خیر بیگم صاحبہ نے ان کو آٹا اور چینی دی اور کہا کہ اگر دوبارہ ضرورت ھو تو بلا جھجک آجایئے گا۔

اس عورت کے جانے کے بعد میں سوچ میں پڑ گیا کہ یار ھمارا ملک ایٹمی طاقت ہے یہ زرعی اعتبار سے بھی کافی اہمیت رکھتا ہے لیکن حالت دیکھیں کہ لوگوں کے پاس پیسے تو ہیں مگر آٹا نہیں ہے جی ہاں وہی آٹا جو امیر اور غریب دونوں کی خوراک ہے لیکن اس وقت نایاب ہے اور حکومت صرف دعوں کی حد تک ہی کام کر رہی ہے جب سے یہ حکومت آئی ہے مہنگائی میں ھوشربا اضافہ ھوگیا ہے تنخواہ دار طبقے کا جینا محال ہے اور حکمران ایک دوسرے کی چوریاں بچانے پر لگے ھوئے ہیں ھماری نوجوان نسل کو بتایا جاتا ہے کہ ھمارے بڑوں نے گھاس پھوس کھا کر ایٹم بم بنایا ہے بلاشبہ ان کی ان قربانیوں کا اعتراف کرنا چاہیئے کہ ان کی ہی کاوشوں کی بدولت آج ھم اپنے سے بڑے دشمن کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات کرسکتے ہیں لیکن معاشی میدان میں ھم ان سے بہت پیچھے ہیں کاش اس وقت ھمارے بڑوں کو یہ بات سمجھ آجاتی کہ ملک ایٹم بم سے نہیں بلکہ معاشی اعتبار سے بڑے اور مضبوط بنتے ہیں آپ کسی بھوکے کے ہاتھ میں بندوق دیں گے تو وہ اسے سنبھال کر نہیں رکھے گا یا تو وہ اسے بیچ کر اپنی بھوک مٹائے گا یا پھر کسی پر چلا کر اس سے روٹی چھینے گا آج ھماری مثال بھی اس بھوکے کی طرح ہے ھمارے پاس ایٹم بم تو ہے لیکن آٹا نہیں اب یا تو ھمیں اپنے ایٹمی اثاثے بیچنے پڑیں گے یا پھر بھوک اور جھنجھلاہٹ میں ھم کسی پر چلا دیں گے۔

قائداعظم کے بعد اس ملک کو کوئی لیڈر نہیں ملا یہاں سب اپنی ذات کیلئے سیاست کرنے آئے ہیں اس ملک کو جتنا نقصان جمہوریت نے پہنچایا ہے اتنا شاید ہی کسی نے پہنچایا ھو جمہوریت کے نام پر پہلا ڈاکہ مشرقی پاکستان کو الگ کر کے مارا گیا اور آج تک یہ ملک لٹتا چلا آرہا ہے کوئی روٹی کپڑا اور مکان کا جھانسہ دیکر لوٹتا ہے تو کوئی ایک کروڑ نوکریاں اور پچاس لاکھ گھر کے خواب دکھا کر کسی نے ووٹ کو عزت دو کے کھوکھلے نعرے لگائے ہیں تو کوئی مذہبی کارڈ کھیل کر عوام کو بیوقوف بنا رہا ہے الغرض اس ملک کو دونوں ہاتھوں سے نہیں بلکہ اب تو 13 ہاتھوں سے لوٹا جا رہا ہے کوئی پوچھنے والا نہیں ہے غریب کے گھر ایک ٹائم کا آٹا نہیں ہے اور حکمرانوں کے اللے تللے اور عیاشیاں ختم نہیں ھو رہیں یہ سب اپنے اقتدار کیلئے عوام کو آپس میں لڑوا رہے ہیں نوجوان نسل جسے علم اور تحقیق کی طرف لگانا تھا ان کو زندہ باد اور مردہ باد کے نعروں پر لگا دیا ہے لیکن سیاستدان اور حکمران یاد رکھیں انقلاب ایسے ہی آتے ہیں جب لوٹ مار اور لاقانونیت بڑھ جاتی ہے تو پھر انقلاب ناگزیر ھو جاتے ہیں اب بھی وقت ہے سب سیاستدان اور پالیسی میکرز اکٹھے ھو جائیں اور عوامی مسائل کے حل کیلئے کوششیں کریں تاکہ عام آدمی کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مل سکے۔

موجودہ حکومت اور خاص طور پر وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف سے اپیل ہے کہ ملک بھر میں آٹے کی قلت کا نوٹس لیں اور وڈیروں اور سرداروں کے خفیہ گوداموں میں پڑی گندم کو فی الفور نکلوا کر غریب عوام میں تقسیم کروائیں۔

اسکے علاوہ گیس کی قلت اور بجلی کے بلوں میں ایک بار پھر ھونیوالے اضافے کو روکیں تاکہ عوام سکھ کا سانس لے امید ہے وزیراعظم اس حوالے سے ہنگامی بنیادوں پر کام کریں گے تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دیا جاسکے!!..

ڈسٹرکٹ اور زونل کرکٹ ایسوسی ایشنز کو باضابطہ طور پر بحال کر دیا گیا

اب قائداعظم ٹرافی میں 16 ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشنز حصہ لیں گی

کراچی (سپورٹس نیوز) ڈیپارٹمنٹس، سروسز آرگنائزیشنز، ریجنز اور ڈسٹرکٹ، زونل کرکٹ ایسوسی ایشنز کو باضابطہ طور پر بحال کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اب قائداعظم ٹرافی میں 16 ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشنز حصہ لیں گی اور اگست سے شروع ہونے والے سیزن 24-2023 میں شامل پیٹرنز ٹرافی میں 8 ڈپارٹمنٹس حصہ لیں گے۔ ان ٹورنامنٹس کے علاوہ 24-2023 کے ڈومیسٹک کرکٹ سیزن میں شریک ریجنل اور ڈپارٹمنٹ کی ٹیموں کے لیے گریڈ 2 کے 50 اور 20 اوورز کے ٹورنامنٹس بھی منعقد کروائے جائیں گے جن کی تفصیلات کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔ پی سی بی کے آئین 2019 میں ڈیپارٹمنٹس، سروسز آرگنائزیشن، ریجنز اور ڈسٹرکٹ، زونل کرکٹ ایسوسی ایشنز کو 6 کرکٹ اور 90 سٹی کرکٹ ایسوسی ایشنز میں تبدیل کر دیا گیا تھا، جسے بعدازاں دسمبر 2022 میں منسوخ کر دیا گیا۔ مینجمنٹ کمیٹی کے سربراہ نجم سیٹھی کا کہنا ہے کہ انہیں پی سی بی کے آئین 2014 کے تحت ڈیپارٹمنٹس اسروسز آرگنائزیشن، ریجنز اور ڈسٹرکٹ ازونل کرکٹ ایسوسی ایشنز کی باقاعدہ بحالی کی تصدیق کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ وہ گزشتہ 4 سیزنز کی غلط پالیسیوں کو کالعدم نہیں کر سکتے لیکن وہ یہ ضرور کر سکتے ہیں کہ وہ اپنے آزمائے ہوئے

پاکستان جونیئر لیگ ختم کرنے کا فیصلہ، رمیز راجہ پھٹ پڑے

گزشتہ روز نجم سیٹھی کی صدارت میں پاکستان کرکٹ بورڈ کی مینجمنٹ کمیٹی کا اجلاس ہوا

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان کرکٹ بورڈ) پی سی بی (کے سابق چیئرمین رمیز راجہ پاکستان جونیئر لیگ کو ختم کرنے کے فیصلے پر بول پڑے۔ گزشتہ روز نجم سیٹھی کی صدارت میں پاکستان کرکٹ بورڈ کی مینجمنٹ کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں فیصلہ کیا گیا کہ ریجنل، ڈسٹرکٹ اور ڈپارٹمنٹل کرکٹ بحال کر دی جائے گی جبکہ پاکستان جونیئر لیگ کو ختم کر دیا جائے گا۔ جونیئر لیگ کو شروع کروانے والے رمیز راجہ نے اس فیصلے کے خلاف آواز اٹھائی ہے اور ٹوئٹر پر پیغام جاری کیا ہے۔ رمیز راجا نے امریکا کے سابق باسکٹ بال پلیئر میجک جانسن کے الفاظ شیئر کیے کہ تمام بچوں کو ذرا سی مدد اور امید کی ضرورت ہوتی ہے، ساتھ ہی انہیں کسی ایسے شخص کی ضرورت ہوتی ہے جو ان پر بھروسہ کرے۔ سابق چیئرمین نے لکھا کہ یہ افسوس کی بات ہے کہ پاکستان جونیئر لیگ انتظامی سیاست کی نذر ہوگئی۔

ابتدا میں ہم حاوی رہے لیکن بعد میں پاکستانی بولرز نے پریشان کر دیا، ڈیوون کانوے

کراچی (سپورٹس نیوز) دوسرے ٹیسٹ میں سنچری بنانے والے نیوزی لینڈ کے بیٹر ڈیوون کانوے نے کہا ہے کہ پہلے دن ابتدا میں ہم حاوی رہے لیکن بعد میں پاکستانی بولرز نے عمدہ کارکردگی دکھا کر ہمیں بہت پریشان کیا۔ پہلے دن کے اختتام کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دونوں ٹیموں کے لیے برابر کے مواقع رہے۔ تاہم دوسرے روز صورتحال بہت مختلف ہوگی۔ صبح گھاس والی پچ پر باؤنس سے فاسٹ بولرز کو مدد مل رہی تھی۔ رفتہ رفتہ سلو ہوجانے والی وکٹ سے اسپنرز نے فائدہ اٹھایا۔ ان کا کہنا تھا کہ پہلی وکٹ کی اچھی پارٹنرشپ نے ہمیں فائدہ دیا لیکن بعد میں پاکستان بولرز نے بھرپور انداز میں بولنگ کی۔ نعیم شاہ نے چائے کے وقفہ کے بعد عمدہ بولنگ کی اور وکٹ کے دونوں جانب سوئنگ کرتے ہوئے ہمیں قدرے پریشان کیا۔ کیوی بیٹر نے کہا کہ ان کی خوش قسمتی رہی، انہوں نے اپنے گیم پلان پر عمل کیا اور موقع کی مناسبت سے اسٹروکس کھیلے۔ ہماری ٹیم میں کافی تجربہ کار کھلاڑی موجود ہیں جن سے رہنمائی بھی ملتی ہے۔ دریں اثنا پاکستان کے خلاف دوسرے ٹیسٹ میں سنچری جڑنے والے نیوزی لینڈ کے ڈیوڈ کانوے نے نیشنل اسٹیڈیم کراچی کے اعزازی بورڈ پر اپنا نام درج کیا۔

عامر نے ریٹائرمنٹ واپسی کا فیصلہ پی ایس ایل پر فارمنس سے مشروط کر دیا

محمد عامر کا موقف تھا کہ فاسٹ بالر کو آرام دینا بہت ضروری ہوتا ہے

لاہور (سپورٹس نیوز) فاسٹ بالر محمد عامر نے ریٹائرمنٹ واپس لینے کے فیصلے کو پی ایس ایل میں پرفارمنس سے مشروط کر دیا۔ ان کا کہنا ہے کہ کلی آرتھر اگر قومی ٹیم کے ہیڈ کوچ آتے ہیں تو یہ پاکستان کرکٹ کے لیے بہت زبردست رہے گا، ان کی کوچنگ میں ٹیم نے اچھی پرفارمنس دی ہے۔ اب بھی یقینی طور پر کارکردگی بہترین ہوگی، یقین ہے کہ نجم سیٹھی کے دور میں پاکستان کرکٹ درست سمت میں گامزن ہوگی۔ نیشنل ہائی پرفارمنس سینٹر میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے بائیں ہاتھ کے پیسر نے واضح کیا کہ بنگلہ دیش اور پاکستان سپر لیگ میں پرفارمنس کے بعد اس بات کو بھی دیکھنا ہے کہ آیا قومی ٹیم کو میری ضرورت ہے بھی یا نہیں، سابق چیئرمین رمیز راجہ فکسنگ میں سزا یافتہ کھلاڑیوں پر دروازے بند کرنے کے حوالے سے کچھ بھی کہیں مجھے اس سے فرق نہیں پڑتا،

135 سے کم سٹرائیک ریٹ پر ٹی 20 میں سلیکشن نہیں کرینگے: شاہد آفریدی

کراچی (سپورٹس نیوز) پی سی بی سلیکشن کمیٹی کے چیئرمین شاہد آفریدی نے کہا ہے کہ جن کھلاڑیوں کا ٹی ٹوئنٹی میں سٹرائیک ریٹ 135 سے کم ہوگا اس کو سلیکٹ نہیں کرینگے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے پاکستان کرکٹ بورڈ کی سلیکشن کمیٹی کے چیئرمین شاہد آفریدی نے کہا کہ پاکستان کرکٹ ٹیم کے تمام بچوں پر بطور سلیکٹر میری نظر ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی ٹیسٹ کی پچ سے مطمئن نہیں ہوں، میری خواہش تھی کہ باؤنسی پچ ہونی چاہیے، عہدے پر رہتے ہوئے سب کو خوش رکھنا مشکل کام ہے، پلان بنائے جاتے ہیں اور سکوتیں بدل جاتی ہیں۔ شاہد آفریدی نے کہا کہ میں کھلاڑیوں کے ساتھ براہ راست رابطے میں ہوں، عقلین مشتاق کے ساتھ کمیونی کیشن گیپ بہت اہم ہے، رابطے کے فقدان میں کوئی درمیان کا شخص فائدہ اٹھا لیتا ہے۔

شاہین آفریدی، حارث رؤف کے ان فٹ ہونے سے باؤلنگ کمزور نظر آرہی، اعزاز چیمہ

لاہور (سپورٹس نیوز) سابق فاسٹ بولر اعزاز چیمہ نے کہا ہے کہ پیچز کا اتنا بڑا ایشو نہیں، شاہین آفریدی اور حارث رؤف جیسے اہم بولرز کے ان فٹ ہونے کی وجہ سے باؤلنگ کمزور نظر آرہی ہے۔ لاہور میں ٹی ٹوئنٹی کے کپ ٹورنامنٹ کی تقریب پر میڈیا سے بات کرتے ہوئے دائیں ہاتھ کے پیسر اعزاز چیمہ نے واضح کیا کہ اگر شاہین اور حارث رؤف پلینگ الیون کا حصہ ہوتے تو پرفارمنس کا معیار بہت بہتر ہوتا اور نتائج بھی پاکستان کے حق میں ہوتے۔ سابق فاسٹ بولر نے کہا۔

وکٹ پر نمی ہونے کے باوجود بولنگ توقعات پر نہیں اتر سکی، آل رانڈر سلمان علی

نیوزی لینڈ کے خلاف کراچی ٹیسٹ کی وکٹ وقت گزرنے کے ساتھ ٹرن لے گی

کراچی (سپورٹس نیوز) پاکستانی آل رانڈر سلمان علی آغا نے پاکستانی گیند بازوں کی نیوزی لینڈ کے خلاف بولنگ کو توقعات کے برخلاف قرار دے دیا۔ پاکستان کرکٹ ٹیم کے بیٹنگ آل رانڈر سلمان علی آغا نے کہا ہے کہ نیوزی لینڈ کے خلاف کراچی ٹیسٹ کی وکٹ وقت گزرنے کے ساتھ ٹرن لے گی، ہمارے بولرز نے اچھی بولنگ کی، کوشش ہوگی کہ مہمان ٹیم کو جلد آوٹ کریں۔ ان خیالات کا اظہار تین کھلاڑیوں کو آوٹ کرنے والے سلمان علی آغا نے دوسرے ٹیسٹ کے پہلے دن کے کھیل کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے۔

کراچی ٹیسٹ؛ نیوزی لینڈ نے پاکستان کیخلاف چھ وکٹوں پر 309 رنز بنا لیے

کراچی (سپورٹس نیوز) سیریز کے دوسرے ٹیسٹ کی پہلی اننگز میں نیوزی لینڈ نے پاکستان کے خلاف چھ وکٹوں کے نقصان پر 309 رنز بنا لیے۔ پہلا روز دوسرے سیشن میں اوپنر ڈیون کانوے نے سنچری مکمل کی لیکن چائے کے وقفے کے بعد ڈیون کانوے 122 رنز کی اننگز کھیل کر سلمان آغا کی گیند پر کیچ تھما بیٹھے۔ کین ولیمسن 36 رنز بنا کر نعیم شاہ کی گیند پر وکٹ کے پیچھے کیچ آؤٹ ہوئے۔

بی بی ایل: برسبین ہیٹ کی سکسرز کو 15 رنز سے شکست

عثمان مکسوینی نے 84 اور جوش براؤن نے 62 رنز کی تیز ترین اننگ کھیلی

سڈنی (سپورٹس نیوز) بگ بیش لیگ کے 25 ویں میچ میں برسبین ہیٹ نے سڈنی سکسرز کو 15 رنز سے شکست دے دی۔ میلبورن میں کھیلے گئے میچ میں برسبین ہیٹ کی ٹیم نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر 224 رنز بنائے۔ عثمان مکسوینی نے 84 اور جوش براؤن نے 62 رنز کی تیز ترین اننگ کھیلی جبکہ سکسرز کی جانب سے جیکسن بڑڈ، ڈین کریسٹن نے ایک، ایک کھلاڑی کو پویلین کی راہ دکھائی۔ سکسرز کی ٹیم 225 رنز کے ہدف کے تعاقب میں

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 03 جنوری 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس اڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔

مورخہ 03 جنوری 2023، صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل G-6/3، سپر مارکیٹ، اقبال ٹاؤن، چراہ، سی ڈی اے آفس، شریف آباد، کھنہ ایسٹ، F-8 مرکز، G-9 ایکسپریس، I-8/2، I-10/2، گولڑہ ٹو، کنجر، بھارہ کہو، کمپنی باغ، باریاں، پتریاٹہ، اپر ٹوپہ، پیر سوہاوہ، ریحارہ، اے کیو خان، این آئی ایچ، محفوظ شہید، کلب ون فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل ای بلاک، بینظیر بھٹو ہسپتال، گری روڈ، النور کالونی، فاروق اعظم، ڈھوک حکمداد، سٹی، میجر مسعود، جامع مسجد، گوالمنڈی، انڈسٹریل، گلزار شہید، بنی، عزیز آباد، ریڈیو پاک، گولڑہ، ایم ایف ایم، چاکرہ، لاکھو روڈ، موہن پورہ، چیئرنگ کراس، مصریال روڈ فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، کشمیر روڈ، آدم جی روڈ، چکلالہ، جیل پارک ون، ہمک، گلستان کالونی، لالہ زار، کلیال، گلشن فاطمہ، شاہ جیون، کینٹ، چوک پنڈوری، لہتراڑ ون، ایس ای پی ابرار، غزن خان، مندرہ ٹو، بسالی، بھنگالی، نشانِ حیدر، چک بیلی خان ٹو فیڈرز، اٹک سرکل، نوازش شہید، غوری، ہرو، بیروٹ، بن بھولا، شاہ اللہ دتہ، سرائے خربوزہ، شائیہ، منیر آباد، اے ڈبلیو سی ہاؤسنگ، راشد منہاس، برہان، غور غشتی، شمس آباد، بولانی، کامرہ رورل، باغ نیلپ، دریا شریف، مسلم ٹاؤن، ملہو والی، میانوالا، قطبال، چھب، کمڑیال، احمدال، گل محمد، کھنڈا فیڈرز، جہلم سرکل، F-7 کچہری، شاہ اللہ شہید، سی ایم ایچ جہلم، شکریلہ، کھوہار، F-8 سول لائن، F-2 چپ بورڈ، F-10 کالا بیس، بوریاں، انڈسٹریل، ہیملٹ، منگلا کینٹ، کیپٹن نثار شہید، بھگوال، چٹارہ، کرنل محمد اکرم، منٹوا، سٹی سوہاوہ، مل اعوان، ٹھاکرہ، اسلام پورہ فیڈرز، چکوال سرکل کریالہ، آرا بازار، مینگن، سرپاک، ادھی، لطیفال، ڈھوڈا، سرکال، کٹاس، راول، احمد آباد، پنڈ دادنخان، سکھٹر پور، حسال، دھرنال، سکھا، مدینہ ٹاؤن، ڈھوک پٹھان، کوٹ سارنگ، تھبی، ملتان خرد، ٹمن فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

مہنگائی ریلیوں میں عوام کو متحرک کیا جائے، عوام کو یہ بھی بتائیں انہوں نے کس طرح این آر او ٹو سے فائدہ لیا ہے۔

بقیہ 2

مچلکے بھی جمع نہ ہو سکے جس کی وجہ سے سینیٹر اعظم سواتی کی آج رہائی ممکن نہ ہوئی۔ بتایا گیا ہے کہ اعظم سواتی کیس کا تحریری حکم نامہ اور مچلکے اب کل جمع ہوں گے، ضمانتی مچلکے جمع ہونے پر ٹرائل کورٹ اعظم سواتی کی رہائی کی رودکار جاری کرے گی۔ اس سے قبل متنازعہ ٹوئٹس سے متعلق کیس میں اعظم سواتی کی درخواست ضمانت پر سماعت ہوئی، ڈپٹی اٹارنی جنرل نے دلائل کے لیے اسلام آباد ہائیکورٹ سے مزید وقت کی استدعا کی، عدالت نے دلائل سننے کے بعد اعظم سواتی کی درخواست ضمانت پر فیصلہ محفوظ کرلیا، بعدازاں عدالت نے محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے اعظم سواتی کی ضمانت منظور کرلی اور پی ٹی آئی سینیٹر کی رہائی کا حکم دے دیا۔

بقیہ 3

نہ ہی ہماری ایسی نیت ہے، عمران خان جب کہیں گے اسمبلیاں توڑ دیں گے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ اسمبلیاں ضرور توڑیں گے جو آئینی قانونی پیچیدگیاں ہیں ان کو حل کر کے ہی توڑیں گے، ہمارے نمبرز پورے ہیں، ہمارے ایم پی ایز کو کوئی چھپانا چاہے تب بھی نہیں چھپیں گے۔

بقیہ 4

وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کے اعتماد کے ووٹ کے معاملے پر ایم ڈبلیو ایم پولیٹیکل کونسل نے مشاورت کے بعد اہم فیصلہ کیا ہے۔ ترجمان کے مطابق ایم ڈبلیو ایم نے وزیراعلیٰ پنجاب کے بعض اقدامات پر شدید تحفظات کا اظہار کیا اور ایم ڈبلیو ایم کی رکن پنجاب اسمبلی سیدہ زہرا نقوی وزیراعلیٰ پنجاب پرویز الٰہی کو اعتماد کا ووٹ نہیں دیں گی۔ مجلس وحدت المسلمین پاکستان کے ترجمان نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کو اعتماد کا ووٹ نہ دینے کا فیصلہ پارٹی قیادت کی ہدایت کی روشنی میں کیا گیا ہے۔

بقیہ 5

بھی شریک ہیں جبکہ اجلاس میں ملکی معیشت اور امن وامان کا تفصیل سے جائزہ لیا جائے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اجلاس میں معاشی صورتحال، چیلنجز پر حکومت کی حکمت عملی اور اقدامات پر مشاورت ہوگی جبکہ امن وامان کی مجموعی صورتحال اور دہشتگردی کی حالیہ لہر کے سدباب کے لیے مشاورت ہوگی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں دی جانے والی تجاویز کی روشنی میں اہم فیصلے کیے جانے کا امکان ہے۔

بقیہ 6

کی تفصیلات جمع کرانے کیلئے 15 جنوری تک مہلت دے دی۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق 15 جنوری تک تفصیلات نہ جمع کرانے والوں کی رکنیت معطل کردی جائے گی۔

بقیہ 7

خالد مسعی، طارق چیمہ اور مولانا عبدالغفور حیدری شامل ہیں۔ واضح رہے متحدہ قومی موومنٹ کچھ عرصے سے کراچی میں نئی حلقہ بندیاں نہ ہونے کی وجہ سے ناراضی کا اظہار کررہی ہے، گزشتہ روز خالد مقبول صدیقی نے مسئلہ حل نہ ہونے پر حکومت سے علیحدگی کا بیان دیا جس کے بعد وفاقی حکومت متحرک ہوگئی۔

بقیہ 8

تیز کردی گئی ہیں۔ الیکشن کمیشن کے ذرائع نے بتایا ہے کہ پولنگ کے لئے 10 جنوری کی تاریخ زیر غور ہے، حتمی تاریخ کا تعین چیف الیکشن کمشنر دیگر ممبران کی مشاورت سے کریں گے۔ واضح رہے کہ اسلام آباد ہائیکورٹ نے الیکشن کمیشن کا فیصلہ کالعدم قرار دیتے بلدیاتی انتخابات شیڈول کے مطابق 31 دسمبر کو ہی کرانے کا حکم دیا تھا۔ عدالت نے الیکشن کمیشن کے فیصلے کیخلاف پی ٹی آئی اور جماعت اسلامی کی درخواستوں پر مختصر تحریری فیصلہ جاری کیا، فیصلے میں کہا گیا کہ الیکشن کمیشن کا 27 دسمبر کا فیصلہ کالعدم قرار دیا جاتا ہے، اسلام آباد کے بلدیاتی انتخابات شیڈول کے مطابق کرائے جائیں۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے فیصلے میں کہا کہ وفاقی حکومت انتخابات کے انعقاد کیلئے الیکشن کمیشن کو مکمل معاونت فراہم کرے، پی ٹی آئی اور جماعت اسلامی کی درخواست پر محفوظ شدہ فیصلہ جسٹس ارباب محمد طاہر نے پڑھ کر سنایا۔

بقیہ 9

کی اپیلوں کی سماعت چیف جسٹس عامر فاروق اور جسٹس ثمن رفعت امتیاز پر مشتمل 2 رکنی بینچ نے کی، اپیلوں میں سنگل بینچ کا 31 دسمبر کو اسلام آباد بلدیاتی انتخابات کرانے کا فیصلہ چیلنج کیا گیا تھا۔ عدالت عالیہ نے بلدیاتی الیکشن سے متعلق اپیلوں پر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے 9 جنوری کو جواب طلب کرلیا۔ چیف جسٹس عامر فاروق اور جسٹس ثمن رفعت امتیاز پر مشتمل بینچ نے الیکشن کمیشن کی سنگل بینچ کا فیصلہ معطل کرنے کی درخواست مسترد کرتے ہوئے پی ٹی آئی اور جماعت اسلامی کو نوٹس جاری کردیئے۔ دوران سماعت دلائل دیتے ہوئے الیکشن کمیشن کے وکیل نے مقف اختیار کیا کہ اس عدالت کے فیصلے کو سنگل بینچ نے مدنظر نہیں رکھا، عدالت نے استفسار کیا کہ جب الیکشن کمیشن کو یہ معاملہ بھیجا گیا تو کیا ہوا؟، وکیل نے جواب دیا کہ 27 دسمبر کو الیکشن کمیشن نے 31 دسمبر کے الیکشن ملتوی کرنے کا حکم دیا، 28 دسمبر کے الیکشن کمیشن کے فیصلے کو چیلنج نہیں کیا گیا، 28 دسمبر کا الیکشن کمیشن کا فیصلہ حتمی ہے۔ الیکشن کمیشن کے ڈی جی لا نے عدالت کو بتایا کہ 28 دسمبر کو الیکشن کمیشن نے فیصلہ کیا کہ ہم انتخابات ملتوی کر چکے، 28 دسمبر کا الیکشن کمیشن کا آرڈر 27 دسمبر کے آرڈر پر منحصر تھا، وکیل میاں عبدالرف کے مطابق الیکشن کمیشن نے اپنے آرڈر میں جو وجوہات بتائیں، اسے سنگل بینچ نے دیکھا ہی نہیں۔ چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ ابھی قانون بنا ہی نہیں؟، وکیل الیکشن کمیشن نے جواب دیا کہ دونوں ایوانوں سے بل منظور ہو چکا تھا، ممکنات تھیں کہ میئر اور ڈپٹی میئر کے انتخابات میں کس قانون کے تحت ہوں گے۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے عدالت کو بتایا کہ 19 دسمبر کا نوٹیفکیشن چیلنج نہیں کیا گیا، اب والی پٹیشن میں بھی چیلنج نہیں کیا گیا، چیف جسٹس نے کہا کہ پٹیشن میں 19 دسمبر کا نوٹیفکیشن چیلنج کیا گیا ہے جو آئینی سوالات اس میں شامل ہیں، اس طرف نہ وہ آ رہے ہیں، نہ آپ آ رہے ہیں، معذرت کے ساتھ آپ دونوں اپنے ساتھ ظلم کر رہے ہیں، کوئی ایک چیز بھی عدالت کے سامنے نہیں لائے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ اسی لئے کہہ رہا ہوں تیار کرلیں، کل پرسوں کے لئے رکھ لیتے ہیں، فارن فنڈنگ کیس میں ڈویژن بینچ نے آبزرو کیا کہ الیکشن کمیشن کو ہدایات نہیں دے سکتے، جسٹس محسن اختر کیانی نے ممنوعہ فنڈنگ کیس کا ایک ماہ میں فیصلہ کرنے کی ڈائریکشن دی تھی، ڈویژن بینچ نے وہ حکم کالعدم قرار دے کر کہا تھا کہ الیکشن کمیشن کو ہدایات نہیں دی جاسکتیں۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے عدالت کو بتایا کہ کچھ حقائق ہیں جن کو سنگل بینچ نے مدنظر نہیں رکھا، چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ کیا الیکشن کمیشن کو ہدایت دے سکتے ہیں؟، اگر عدالت صرف الیکشن کمیشن کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیتی تو کیا ہوتا؟۔ ڈی جی لا نے بتایا کہ الیکشن کمیشن آزادانہ اپنا فیصلہ کر سکتا ہے، چیف جسٹس نے پوچھا ابھی انتخابات کی تاریخ گزر گئی تو کیا آپ نے اب صرف پولنگ ڈے کا اعلان کرنا ہے، جس طرح بتایا گیا کہ صدر نے بغیر دستخط وہ بل واپس بھیج دیا تو کیا قانون یہی رہے گا؟۔ عدالت نے کہا کہ 125 یونین کونسلوں کا قانون بن جاتا ہے تو کتنے دن چاہیے ہوں گے؟، ڈی جی لا الیکشن کمیشن نے جواب دیا کہ چار پانچ دن ہمیں چاہیے ہوں گے۔ چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ اگر کسی بھی وجہ سے الیکشن ملتوی ہو جائیں تو دوبارہ کرانے کا کیا طریقہ ہوتا ہے؟، جس پر ڈی جی لا نے بتایا کہ اس صورت میں پولنگ کی نئی تاریخ کا اعلان کرتے ہیں، چیف جسٹس نے پوچھا یونین کونسلوں کی تعداد میں اضافے کی صورت میں کتنے دن چاہئیں؟ جس پر ڈی جی لا نے بتایا کہ پھر ہم 120 دنوں میں الیکشن کرا سکتے ہیں۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے ووٹر لسٹوں کے نقائص اور غلطیاں بھی دور کرنی ہیں، اگر یہ حلقہ بندیاں کریں گے تو تمام مسائل ویسے ہی حل ہو جائیں گے۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ ایک چیز تو سنگل بینچ نے ٹھیک لکھی ہے، جس وجہ سے معاملہ الیکشن کمیشن کو بھیجا گیا تھا وہ انہوں نے دیکھا ہی نہیں۔ الیکشن کمیشن کے وکیل نے عدالت سے استدعا کی کہ سنگل بینچ کا فیصلہ معطل قرار دیا جائے، عدالت نے استفسار کیا کہ پریکٹیکل اور مناسب بات بتائیں کہ 101 یونین کونسلوں میں آپ الیکشن کرا سکتے ہیں؟۔ ڈی جی لا نے جواب دیا ہم اس حوالے سے ہدایات لے کر ہی عدالت کو بتا سکتے ہیں۔ بعدازاں اسلام آباد ہائی کورٹ نے الیکشن کمیشن اور وفاقی حکومت کی وفاقی دارالحکومت میں بلدیاتی انتخابات کا انعقاد کروانے کے حکم کے خلاف اپیلیں قابل سماعت ہونے پر فیصلہ محفوظ کرلیا جسے بعد میں جاری کرتے ہوئے سنگل بینچ کا فیصلہ معطل کرنے کی درخواست مسترد کرتے ہوئے عدالت نے پی ٹی آئی اور جماعت اسلامی کو جواب کے لیے نوٹسز جاری کردیئے۔

بقیہ 10

کے مطابق نصیر آباد پولیس اور محکمہ فوڈ نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے آٹے سے لدی گاڑی سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی، ڈرائیور کا شف کو گرفتار کرکے 260 تھیلے آٹا برآمد کیا گیا، ایس پی پوٹھوہار کا کہنا تھا کہ غیر قانونی گندم اور آٹے کی ترسیل کرنے والوں کے خلاف کارروائی یقینی بنائی جائے گی

بقیہ 11

جھاوریاں سب انسپکٹر محمد علی نواز نے اسسٹنٹ سب انسپکٹر عابد حسین ودیگر ملازمان پر مشتمل ٹیم کے ہمراہ ریڈ کرکے ملزم طارق سے لہن 150 لٹر شراب 02 لٹر چالو بھٹی، اجزاء سے شراب 20 لٹر عمر سے شراب 18 لٹر اور ملزم نوشیرواں سے پسٹل 30 بور برآمد کرکے ملزمان کے خلاف منشیات فروشی وناجائز اسلحہ رکھنے کی دفعات کے تحت الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے ہیں

بقیہ 12

۔ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ہے کہ سینئر قائدین فوری طور پر خواتین ارکان سے ملاقاتیں کریں، کسی خاتون رکن کے تحفظات ہیں تو انہیں فوری ختم کیا جائے، شہباز شریف نے رانا ثنا اللہ اور سعد رفیق کی سربراہی میں 2 رکنی کمیٹی بھی تشکیل دے دی۔ پارٹی صدر کا کہنا تھا کہ مستقبل کے لائحہ عمل کے بارے میں خواتین ارکان کو اعتماد میں لیا جائے، ن لیگ کی پنجاب میں حکومت آنے پر انہیں مزید ترجیح دی جائے گی، ذرائع کے مطابق رانا ثنا اللہ اور سعد رفیق کل سے خواتین ارکان سے ملاقاتیں شروع کریں گے۔

بقیہ 13

مسلم لیگ ن نے سپیکر کے بجائے وزیراعلیٰ پنجاب کے خلاف اعتماد کے ووٹ پر فوکس کرلیا۔

بقیہ 14

وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی اور رکن پنجاب اسمبلی علی حیدر گیلانی بھی موجود تھے۔ ملاقات میں ملکی اقتصادی، معاشی اور سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا اور اس بات پر اتفاق ہوا کہ موجودہ ملکی حالات میں تمام سیاسی پارٹیوں اور دینی جماعتوں سمیت محب وطن پاکستانیوں کو ملکر ملکی تعمیر وترقی عوام کی خوشحالی کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے۔ اس موقع پر یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ اداروں کا سیاست میں مداخلت نہ کرنے کا فیصلہ جمہوریت کی فتح ہے، اگر اسٹیبلشمنٹ نے اپنا وعدہ پورا کیا تو ملکی ترقی و جمہوری اداروں اور جمہوریت کی مضبوطی سے کوئی نہیں روک سکتا، اگر کوئی آرٹیکل 6 جیسی حرکتیں کرے گا تو پھر ملکی آئین وقانون کے مطابق اسکا بندوبست کیا جائیگا۔ سابق وزیراعظم کا کہنا تھا کہ ہم نے کوشش کی ہے شہید جمہوریت محترمہ بینظیر بھٹو کے مشن کو آگے لے کر جائیں، ہم نے جمہوری طریقے سے عدم اعتماد کے ذریعے پہلی بار تاریخ میں پارلیمان کے اندر عدم اعتماد کو کامیاب کر کے وزیراعظم کو گھر بھیجا، یہ پہلا وزیراعظم ہے جسے جمہوری و آئینی طریقے سے نکالا گیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ آصف علی زرداری کا کریڈٹ بائیڈن کو دینا چاہ رہے ہیں، اس کو امریکی صدر نے نہیں پیپلز پارٹی کے جیالوں نے نکالا، وائٹ ہاس نہیں بلاول بھٹو نے گھر بھیجا ہے۔ ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے پیپلز پارٹی جنوبی پنجاب کے صدر مخدوم سید احمد محمود نے کہا کہ شہید بینظیر بھٹو مزدوروں اور کسانوں کی اصل نمائندہ تھیں، وہ جھوٹ کی نہیں سچ کی سیاست پر یقین رکھتی تھیں، وہ تقسیم نہیں یکجہتی کی سیاست پر یقین رکھتی تھیں۔ مخدوم احمد محمود نے کہا کہ آمریت بندوق کی طاقت سے آپ کی آزادی چھینتی ہے، دہشت گرد خوف پھیلا کر آپ کے حقوق سلب کرتے ہیں، شہید بی بی کہتی تھیں دہشت گردی اور آمریت ایک ہی سکے کے دو رخ ہیں، ہم جھوٹ کی سیاست کو رد کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس ملک کو ہم جوڑیں گے، کٹھ پتلیوں کی جھوٹ کی سیاست کو ہمیشہ کیلئے دفن کریں گے اور یکجہتی کے ساتھ شہید قائد کے نامکمل مشن کو مکمل کریں گے۔

بقیہ 15

میں موجودہ پارٹی کے سیاسی ٹیم کو موجودہ سیاسی صورت حال میں اہم ہدایات جاری کردی ہیں۔ سابق وزیراعظم نواز شریف نے ن لیگ کو پنجاب میں اعتماد کے ووٹ اور عام انتخابات کی تیاری کے لئے تیار رہنے کا کہہ دیا ہے۔ نواز شریف نے ہدایت کی ہے کہ ن لیگی رہنما اور کارکن پنجاب میں اعتماد کے ووٹ سے قبل سیاسی سرگرمیاں تیز کردیں۔ اس سلسلے میں گورنر ہاس اور سٹیٹ گیسٹ ہاس کو پارٹی رہنماں کیلئے کھولنے کا فیصلہ بھی کرلیا گیا ہے، ان مقامات پر پچھریوں کا انعقاد کیا جائے گا جن میں عوام کے بنیادی مسائل سنے اور ان کے حل کے لیے احکامات دیئے جائیں گے۔

بقیہ 16

محمد فرقان بلال نے نوٹس لیتے ہوئے ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کرنے کا حکم جاری کیا۔ تھانہ بی ڈویژن پولیس نے چند گھنٹوں میں ملزمان کو گرفتار کرکے پیشہ ورانہ مہارت کی مثال قائم کردی اور ملزمان کو ٹریس کرتے ہوئے عقیل اور ارشاد نامی قاتلوں کو گرفتار کرلیا۔ ملزم عقیل مقتول بچے کے ہمسایہ ہیں جنہوں نے دوران تفتیش جرم کا اعتراف بھی کرلیا۔ آئی جی پنجاب عامر ذوالفقار خان نے قاتلوں کو چوبیس گھنٹوں سے کم وقت میں گرفتار کرنے پر ادکاڑہ پولیس کو شاباشی دی ہے اور کہا ہے کہ تفتیش کو جلد از جلد مکمل کرکے دونوں سفاک ملزمان کو عبرت ناک سزائیں دلوائی جائیں۔

بقیہ 17

اگلے 100 سال کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے 500 ارکان کی گنجائش موجود ہے، 200 افراد کیلئے Ayes Lobby اور 200 افراد ہی کے لئے Noes Lobby بنائی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سپیکر چیمبر افسران، میڈیا اور وزیٹرز کیلئے 800 افراد تک کی گنجائش ہے، نئی اسمبلی میں وزیراعلیٰ، سپیکر، ڈپٹی سپیکر، وزرا اور لیڈر آف اپوزیشن کیلئے سیکرٹریٹ بلڈنگ میں دفاتر بنائے گئے، 3 کمیٹی روم اور ایک کانفرنس روم کے علاوہ لائبریری اور کیفے ٹیریا کی بھی سہولت موجود ہے، 400 گاڑیوں کی پارکنگ بھی رکھی گئی ہے۔ عمارت کے افتتاح کے موقع پر سپیکر پنجاب اسمبلی محمد سبطین خان، سینئر صوبائی وزیر میاں اسلم اقبال، صوبائی وزرا میاں محمود الرشید، راجہ بشارت، سردار حسنین بہادر دریشک، سردار آصف نکئی، سردار شہاب الدین، چیف سیکرٹری عبداللہ سنبل، پرنسپل سیکرٹری وزیراعلیٰ محمد خان بھٹی، انسپکٹر جنرل پولیس عامر ذوالفقار، سابق پرنسپل سیکرٹری جی ایم سکندر، سیکرٹری پنجاب اسمبلی عنایت اللہ لک، ڈی جی پروٹوکول پنجاب عنصر منذیر اور اعلیٰ حکام بھی موجود تھے

بقیہ 18

بغیر نمبر پلیٹ کی گاڑی پر آئے، گاڑی سے اترتے ساتھ ہی لڑکے پر تشدد کرنا شروع کردیتے ہیں۔ پٹرول پمپ پر کھڑے شہریوں کی مداخلت پر لڑکے کو اٹھا کر لے جاتے ہیں۔ آپریشن منیجر نعیم کے ایلیٹ گاڑی کا پیچھا کرنے پر پولیس اہلکار لڑکے کو سڑک پر پھینک کر فرار ہوجاتے ہیں۔

بقیہ 19

وہ علیحدگی اختیار کرکے دوسری پارٹی بنائیں گے یا پرانی پارٹیوں میں واپس جائیں گے، عمران خان کا جب باجوہ صاحب نے ساتھ دیا تھا تب وہ کیوں خاموش تھے؟۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم آنکھیں نہیں دکھائے گی، وہ اور ہم ساتھ رہیں گے، ہر پارٹی کا حق ہوتا ہے کہ وہ اپنے مطالبات رکھے۔ منظور وسان نے پیش گوئی کی ہے رواں سال کوشش کی جائے گی کہ چند وڈیروں اور جی ڈی اے کو پی پی پی خلاف مقابلہ کروایا جائے، مگر کچھ جی ڈی اے کے لیڈر ہمارے ساتھ ہونگے، ملک جیسے پہلے چلتا تھا ایسے ہی چلتا رہیگا، مزید معاشی مسائل سامنے آئیں گے۔

بقیہ 20

قبائل کے خلاف اکھوائری کا آغاز کردیا ہے۔ تینوں افراد کے خلاف اکھوائری کا آغاز ان کے اکانٹس میں مشکوک ٹرانزیکشنز کی بنیاد پر کیا گیا ہے۔ ایف آئی اے ذرائع کے مطابق ارم امین مونس الٰہی کی کمپنی میں کام بھی کرتی ہیں۔ پنجاب اسمبلی کے نائب قاصد قیصر، ارم امین اور ارشد اقبال کے اکانٹس سے مونس الٰہی اور فیملی کے دیگر افراد کے اکانٹس میں پیسے منتقل ہوئے۔ اس سلسلے میں ایف آئی اے ذرائع کا کہنا ہے کہ تینوں افراد کے بینک اکانٹس کی تفصیلات ان کے پروفائل سے مطابقت نہیں رکھتں۔ واضح رہے کہ مونس الٰہی کے خلاف عدالت میں جمع منی لانڈرنگ کیس میں بھی تینوں افراد کا ذکر ہے۔

بقیہ 21

کردیا ہے۔ واضح رہے کہ پنجاب اسمبلی کے آئندہ ہونے والے اجلاس میں غالب امکان ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے خلاف اعتماد کے ووٹ کی تحریک شروع کی جائے گی جس میں پی ٹی آئی اور اپوزیشن کے اتحاد کے درمیان مقابلے ہوگا۔ تحریک کے دوران اگر اپوزیشن اتحاد 186 کا نمبر پورا کرنے میں ناکام ہوگئی تو عمران خان کی جانب سے اسمبلیوں کی تحلیل کے اعلان پر عملدرآمد کیا جائے گا، دوسری جانب پی ٹی آئی بھی نمبر پورے ہونے کا دعویٰ کر رہی ہے

بقیہ 22

۔تفصیلات کے مطابق سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری کی خصوصی ہدایت پر صدر ڈویژن پولیس نے چونترہ اور صدر بیرونی کے علاقوں میں سرچ آپریشنز کیے، سرچ آپریشنز کے دوران 169 گھروں، 30 کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف، 04 دکانوں اور انفرادی طور پر 267 افراد کو چیک کیا گیا، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا کہنا تھا کہ قانون کی بالادستی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کرنا ہے

بقیہ 23

فرد انتقالات کے اجرا، درستگی ریکارڈ اور ریونیو سے متعلق دیگر درخواستیں پیش کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کھلی کچہری میں پیش کی جانیوالی درخواستوں پر ریونیو عملہ کو موقع پر ادکامات جاری کئے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ریونیو عوامی خدمت کچہری کے انعقاد کا بنیادی مقصد لوگوں کے ریونیو سے متعلق تمام معاملات کو فوری حل کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کی ہدایت پر ضلع میں ہر ماہ یکم اور دو تاریخ کو ریونیو عوامی خدمت کچہری کا انعقاد کر کے لوگوں کے ریونیو سے متعلق مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جارہا ہے۔ انہوں نے تمام ریونیو سٹاف کو سختی سے ہدایت کی کہ خدمت کچہری میں پیش کی جانیوالی درخواستوں پر سات یوم کے اندر اندر رپورٹس مکمل کر کے بھجوائی جائیں۔ کھلی کچہری میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو رائے ذوالفقار علی، اسسٹنٹ کمشنر مرزا رحیل بیگ کے علاوہ تمام ریونیو سٹاف اور لوگوں کی کثیر تعداد موجود تھی۔

بقیہ 24

۔تفصیل کے مطابق ایس ایچ او چونگ ملک خدا بخش کو اطلاع ملی کہ ان کے مطلوبہ اشتہاری ملزم تالاب سرائے کے قریب چھپے ہوئے ہیں، ایس ایچ او ملک خدا بخش نے ایس ایچ او مانگا منڈی رانا مجاہد کے ساتھ چھاپہ مارا تو پولیس پارٹی کو دیکھتے ہی ملزم پولیس پر فائرنگ کرتے ہوئے بھاگ نکلے۔ شاکے بھٹیاں کے قریب فائرنگ کے تبادلے میں ڈاکوں کی فائرنگ سے ایک ملزم زخمی ہو گیا، دو ڈاکو فرار ہوگئے، زخمی ڈاکو ہسپتال جاتے ہوئے راستے میں دم توڑ گیا، ملزم سے دو پسٹل برآمد ہوئے۔ ایس ایچ او مانگا رانا امجد نے بتایا کہ فرار ڈاکوں کی تلاش کیلئے چھاپے جاری ہیں، ہلاک ڈاکو کی شناخت بھی کی جارہی ہے۔

بقیہ 25

حقوق ہو پھر وہاں فرد واحد کی کوئی سازش اہمیت نہیں رکھتی۔ کامران ٹیسوری کا کہنا تھا کہ روشنیوں کا شہر مجرموں کا شہر بنتا جارہا ہے، ہم کراچی کو مجرموں کا شہر نہیں بننے دینگے، اختیارات نہ ہونے کا رونا نہیں رونا چاہیے، کراچی میں کئی مسائل ہیں یہ شہر ہمیشہ ماں کا کردار ادا کرتا ہے، کراچی سب کا دوست ہے لیکن کوئی اس کا دوست نہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ شہر ٹوٹ رہا ہے اس کا تعلیمی نظام، سیوریج، گیس، بجلی اور پانی نہیں ہے، تمام ارباب اختیار کو کہتا ہوں یہ غرور وتکبر کا وقت ہے سیاست کا وقت نہیں ہے، اگر معاشی حب کو گود نہ لیا اور بڑے فیصلے نہ کیے تو پھر معاشی عدم استحکام کی ذمہ داری اقتدار میں بیٹھے لوگوں پر ہوگی۔ گورنر سندھ نے بانی ایم کیو ایم سے متعلق سوال کے جواب میں کہا کہ الطاف حسین کے ساتھ میرا کوئی رابطہ نہیں رہا، الطاف حسین کا معاملہ ریاست کے ساتھ ہے اور بحیثیت وفاق کے نمائندے کے میں ریاست کے ساتھ ہوں۔ ان کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی کو حلقہ بندیوں پر فیصلہ کرنا پڑے گا یہ ان کا وعدہ بھی تھا، اس پر ایم کیو ایم کے دوست میرے پاس آئے تھے میں نے بلاول اور آصف زرداری سے بات کی ہے، اگر حلقہ بندیاں نہیں ہوتیں تو کراچی والوں کا حق مارا جائیگا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ بند کمروں میں ہی عوامی مسائل کو حل کیا جائے، بھیل پر بیٹھ کر معاملات حل ہونے چاہیں، خوشی ہوئی کہ سال کا پہلا دن لاہور میں گزارا، کل سیاسی ملاقاتیں ہوئیں جبکہ گورنر پنجاب کے ساتھ تفصیلی ملاقات ہوئی ہے۔

بقیہ 26

کے منصوبے پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے، ان خیالات کا اظہار غلام سرور خان سابق وفاقی وزیر نے یونین کونسل دھاماں سیداں میں ایک بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا، انھوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کی ضامن تحریک انصاف ہے، اور قدار میں جب ہم دوبارہ آئے تو ملک کو معاشی طور پر مضبوط اور مستحکم بنائیں گے، ڈپٹی سپیکر پنجاب اسمبلی واثق قیوم عباسی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گلی محلوں میں گیس اور پانی کی پائپ لائنیں بچھا دی گئیں ہیں اور جن جگہوں پر ابھی گیس اور پانی کی لائنیں نہیں پہنچی وہاں بھی بہت جلد نامکمل کام کو مکمل کریں گے، کافی گلیاں پختہ کروادی گئیں ہیں جو رہ گئی ہیں ان میں ترجیحی بنیادوں پر سکولوں اور مساجد کو جانے والی گلیاں پختہ کریں گے، علی ٹائن گراٹھ میں بچوں کیلئے پارک بنائیں گے، انھوں نے کہا کہ یونین کونسل کلیال میں واٹر سپلائی کا کام ایک سال میں مکمل کیا جائے گا، اس موقع پر سٹیج سیکرٹری کے فرائض ظہیر احمد کتانوی نے سرانجام دیئے اور قیوم عباسی، راجہ اسحاق اور ڈاکٹر افضل نے بھی خطاب کیا اور اپنی برادری سمیت پاکستان تحریک انصاف میں شمولیت کا اعلان کیا، اس موقع پر چوہدری محمد افضل پڑیال صدر پوٹھوہار ٹائن مورل، راجہ عمران جاوید جنرل سیکرٹری پوٹھوہار ٹائن مورل، راجہ برکت، سید اشفاق شاہ بخاری، راجہ طاہر محمود، راجہ عبدالقیوم خان، شیخ عرفان، راجہ عثمان ٹائیگر، ڈاکٹر ناہید نواز ودیگر پی ٹی آئی کارکنان موجود تھے اور کہکشاں واٹر سپلائی سکیم کی لاگت 50 کروڑ، مبارک لائن تا ڈھوک لعل شاہ لف ٹائل، 10 انچ گیس پائپ لائن خواجہ کارپوریشن تا ڈیالہ، اڈیالہ روڈ کی تعمیر 7.5 کروڑ، میرا جراہی گیس لائن 3 کروڑ 20 لاکھ، تعمیر گلیات 4 کروڑ منصوبوں کا افتتاح کیا گیا

بقیہ 27

ہوگی۔ الیکشن کمیشن کا کہنا ہے کہ سینیٹ نشست کیلئے سندھ اسمبلی میں پولنگ 25 جنوری صبح 9 سے شام 4 بجے تک ہوگی۔

بقیہ 28

ازخود نوٹس کی سماعت دن ایک بجے ہوگی

IMF سے سودی پالیسیوں کے سبب ملک دیوالیہ ہونے کے قریب آ گیا، سراج الحق

وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی آپس کی چپقلش کی وجہ سے ترقی کا پہیہ جام ہوگیا، امیر جماعت اسلامی پاکستان

بدامنی کی شدید لہر ہے۔لوگوں کی جان و مال محفوظ نہیں۔اس سب کی ذمہ دار وفاقی اور صوبائی حکومتیں ہیں، سراج الحق

پشاور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق نے کہا ہے کہ مرکزی اور صوبائی حکومتوں کے اقدامات کی وجہ سے صوبہ خیبر پختونخوا غیر محفوظ ہو چکا ہے۔المرکز الاسلامی پشاور میں صوبائی ذمہ داران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بدامنی کی شدید لہر ہے۔لوگوں کی جان و مال محفوظ نہیں۔اس سب کی ذمہ دار وفاقی اور صوبائی حکومتیں ہیں، ان کی آپس کی چپقلش کی وجہ سے ترقی کا پہیہ جام ہوگیا ہے۔سراج الحق کا کہنا تھا کہ قبائلی عوام میں احساس محرومی بڑھ رہا ہے۔معاشی صورتحال بد سے بدتر ہو رہی ہے۔مہنگائی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔روزمرہ کی اشیا خورد و نوش کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، آٹا، چینی، دال کی قیمتوں میں آئے دن اضافے سے عوام عاجز آ چکے ہیں۔آئی ایم ایف اور سودی پالیسیوں نے ملک کو دیوالیہ (بقیہ نمبر 34)

اسلام آباد: چیئرمین NDMA جنرل عمران حیدر اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حلقہ بندیوں پر الیکشن کمیشن کے فیصلہ پر عمل کریں گے، وزیراعلیٰ سندھ

سب کو اپنا مقف پیش کرنے کا حق ہے اور حلقہ بندیوں سے متعلق ایم کیو ایم کا اپنا مقف ہے، وزیراعلیٰ سندھ

معیشت میں مسائل ہیں اور ہمیں مشکل فیصلے کرنے پڑیں گے، ہمارا امپورٹ بل بہت بڑھ گیا ہے، ہم سب کو اپنی کمر کسنا ہوگی

سیہون (خبر نگار) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ حلقہ بندیوں سے متعلق ایم کیو ایم کا اپنا موقف ہے، الیکشن کمیشن جو فیصلہ کرے گا اس پر عمل کریں گے۔سیہون ایئرپورٹ پر میڈیا سے گفتگو میں مراد علی شاہ کا کہنا تھا کہ سب کو اپنا مقف پیش کرنے کا حق ہے اور حلقہ بندیوں سے متعلق ایم کیو ایم کا اپنا مقف ہے البتہ اس حوالے سے خالد مقبول صدیقی اور گورنر کا بیان نہیں سنا، ایم کیو ایم کا موقف الیکشن کمیشن کے سامنے رکھا ہے، اب الیکشن کمیشن جو فیصلہ کرے گا اس پر عمل کریں گے۔وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ معیشت میں مسائل ہیں اور ہمیں مشکل فیصلے کرنے پڑیں گے، ہمارا امپورٹ بل بہت بڑھ گیا ہے، ہم سب کو اپنی کمر کسنا ہوگی، وزیراعظم کی طرف سے کچھ وفاقی وزرا کراچی آئے تھے جن سے ہماری میٹنگ ہوئی، مجھے یقین ہے کہ وزیراعظم کے (بقیہ نمبر 1 3)

سیہون: وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

سرگودھا: تھانہ میلہ پولیس کی بڑی کاروائی

پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کیا ہے

قتل اور چوری کے مقدمات میں مطلوب دو اشتہاری مجرمان گرفتار

سرگودھا (کرائم رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد طارق عزیز کی ہدایت پر جرائم پیشہ افراد کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے ایس ایچ او تھانہ میلہ انسپکٹر صاحب خان نے اپنی خصوصی ٹیم کے ہمراہ ریڈ کر کے قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم بشیر احمد اور چوری کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم اکرام کو نہ صرف گرفتار کیا بلکہ اس کے قبضہ سے ناجائز اسلحہ بندوق 12 بور بھی برآمد کر لی۔پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کیا ہے، مزید تفتیش جاری ہے (بقیہ نمبر 3 3)

جنوبی پنجاب سے کراچی آ کر لوٹ مار کرنے والے دو ڈکیت گرفتار

پولیس کے مطابق ملزمان وارداتیں کرنے کے بعد جنوبی پنجاب فرار ہو جاتے تھے

عزیز بھٹی، جوہر آباد اور ملیر سٹی تھانوں کی حدود میں وارداتوں کا اعتراف کیا ہے

کراچی (کرائم رپورٹر) سمن آباد پولیس نے بینک اور اے ٹی ایم سے پیسے نکالنے والے شہریوں کے ساتھ لوٹ مار کرنے والے گروہ کے 2 کارندوں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے اسلحہ، چار موبائل فونز اور ایک رکشہ برآمد کر لیا۔ملزمان اللہ وسایا عرف واسو اور فقیر بخش کو سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے گرفتار کیا گیا اور دونوں کا تعلق جنوبی پنجاب سے ہے۔پولیس کے مطابق ملزمان وارداتیں کرنے کے بعد جنوبی پنجاب فرار ہو جاتے تھے جبکہ گروہ کا سرغنہ غفار ہے جو تا حال گرفتار نہ ہو سکا۔گروہ کا سرغنہ (بقیہ نمبر 3 2)

اسلام آباد: عمران صاحب! جنرل باجوہ کو تا حیات ایکسٹینشن کی آفر کیوں دی؟ مریم اورنگزیب

منشیات فروشوں کیخلاف کاروائیاں، راولپنڈی پولیس

06 ملزمان گرفتار، 03 کلو 410 گرام چرس اور 31 لیٹر شراب برآمد

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور شراب سپلائر زکے خلاف کاروائیاں، 06 ملزمان گرفتار، 03 کلو 410 گرام چرس اور 31 لیٹر شراب برآمد، مقدمات درج۔تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم زبیر کو گرفتار کر لیا، ملزم سے 02 کلو 50 گرام چرس برآمد ہوئی، بنی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم فرقان کو گرفتار کر کے ملزم سے 01 کلو 360 گرام چرس برآمد کی، رتہ امرال پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 3 6)

پی ٹی آئی کے سابقہ وفاقی وزیر غلام سرور خان نے پی ایم ایل کے غبارے سے ہوا نکال دی

واہ کینٹ (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی کے سابقہ وفاقی وزیر غلام سرور خان نے پی ایم ایل کے غبارے سے ہوا نکال دی۔حلقہ این اے 63، پی پی 19-20 میں پی ایم ایل این کو جھٹکا۔سردار ممتاز کے بعد پی ایم ایل این کی اہم شخصیات بھی پی (بقیہ نمبر 3 5)

لاہور میں آٹے کی قلت، پنجاب اسمبلی میں قرارداد جمع

پنجاب حکومت نے آٹے کی قلت اور قیمت پر قابو پانے کے لئے کوئی اقدام نہیں کیا

آٹے کے بحران اور روز بروز بڑھتی قیمت پر قابو پایا جائے، پنجاب حکومت سے مطالبہ

لاہور (نیوز رپورٹر) شہر میں آٹے کے بحران پر مسلم لیگ ن کی ایم پی اے سعدیہ تیمور نے پنجاب اسمبلی میں قرارداد جمع کروا دی۔لیگی رکن اسمبلی کی جانب سے جمع کروائی گئی قرارداد کے متن میں کہا گیا ہے کہ لاہور میں آٹے کا بحران شدت اختیار کر چکا ہے، آٹے کے حصول کے لئے شہری لمبی لائنوں میں کھڑا رہنے پر مجبور ہیں۔متن میں مزید کہا گیا ہے کہ پنجاب حکومت نے آٹے کی قلت اور قیمت پر قابو پانے کے لئے کوئی اقدام نہیں کیا، اوپن مارکیٹ میں آٹا دستیاب نہیں، شہریوں کا دو وقت کی روٹی تک کھانا مشکل ہو چکا ہے، ایوان آٹا بحران کے خلاف قرارداد منظور کرے۔قرارداد میں پنجاب حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ آٹے کے بحران اور روز بروز بڑھتی قیمت پر قابو پایا جائے۔شہر میں آٹے کے بحران پر مسلم لیگ ن کی ایم پی اے سعدیہ تیمور نے پنجاب اسمبلی میں قرارداد جمع کروا دی۔لیگی رکن اسمبلی کی جانب سے جمع کروائی گئی قرارداد کے متن میں کہا گیا ہے کہ لاہور میں آٹے کا بحران شدت اختیار کر چکا (بقیہ نمبر 39)

تحریک انصاف نے گورنر سندھ کامران ٹیسوری کیخلاف صدر مملکت کو خط لکھ دیا

کراچی (نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما خرم شیر زمان نے کہا ہے کہ کامران ٹیسوری وفاقی نمائندے کے بجائے ایم کیو ایم کے نمائندے کیطور پر کام کر رہے ہیں۔انہوں نے گورنر ہاس سندھ میں جاری سیاسی سرگرمیوں کے خلاف (بقیہ نمبر 4 2)

کے الیکٹرک کی انکوائری کیلئے ایف آئی اے اور نیب کو خط لکھنے کی سفارش

سی ای او کے الیکٹرک کی عدم موجودگی پر کمیٹی نے تحریک استحقاق بھجوا دی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے توانائی نے کیا الیکٹرک کی انکوائری کے لیے ایف آئی اے اور نیب کو خط لکھنے کی سفارش کر دی۔سیف اللہ ابڑو کی صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے توانائی کا اجلاس ہوا، احکامات کے باوجود سی ای او کے الیکٹرک اجلاس میں شریک نہیں ہوئے جس پر قائمہ کمیٹی برائے توانائی نے سی ای او کی عدم حاضری پر برہمی کا اظہار کیا۔سینٹر بہرہ مند تنگی نے کہا کہ کے الیکٹرک حکام اجلاس میں آتے ہی نہیں، گزشتہ اجلاس میں سی ای او کے الیکٹرک (بقیہ نمبر 4 3)

میرپور خاص کی تحصیل ڈگری میں بھی مرغی مافیا کی من مانی

ایک ہی دن میں 600 روپے فروخت ہونے لگا ڈگری میں مرغی مافیا کا راج

نئے سال کی خوشی میں مرغی کی قیمتوں کو بھی پر لگ گئی مرغی کا گوشت آسمان سے باتیں کرنے

ڈگری اپورٹ (محمد عاصم آرائیں) میرپور خاص کی تحصیل ڈگری میں بھی مرغی مافیا کی من مانی جاری مرغی کے گوشت میں اضافہ کرنے میں سب سے آگے نکل گیا 480 میں فروخت ہونے والا گوشت کا ریٹ بڑھا کر 540 کیا دوبارا بڑھا کر ایک ہی دن میں 600 روپے فروخت ہونے لگا ڈگری میں مرغی مافیا کا راج جاری ہے اور آئے روز مرغی کے گوشت میں اضافہ کیا جا رہا ہے جب کہ نئے سال کی خوشی میں مرغی کی قیمتوں کو بھی پر لگ گئی مرغی کا گوشت آسمان سے باتیں کرنے لگا ڈگری میں مرغی کا گوشت فی کلو 600 روپے میں فروخت ہونے لگا چند روز سے انتظامیہ اور مرغی مافیا کی ملی بھگت سے مرغی کے گوشت کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کا رجحان جاری ہے تحصیل اور ضلعی انتظامیہ کی جانب مرغی مافیا کے خلاف کوئی بھی ایکشن نہیں لیا جا رہا ہے اور اس مہنگائی کے دور میں عوام مرغی مافیا کے سامنے بے بس ہیں اور مرغی کا گوشت لوگوں کی قوت خرید سے باہر ہو گیا لوگوں نے حکومت سندھ اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ ڈگری (بقیہ نمبر 37)

سرگودھا: پولیس کی اشتہاری مجرمان وعدالتی مفروران کے خلاف کاروائی، 19 ملزمان گرفتار

سرگودھا (کرائم رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد طارق عزیز کی ہدایت پر اشتہاری مجرمان کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے تھانہ بھلروان پولیس نے سرفراز، نصر اللہ، شاہد، افضال، حیات، سلطان، یوسف، تھانہ سٹی پولیس نے مرید، ناصر، تھانہ کینٹ پولیس نے اقبال، فیصل، تھانہ فیکٹری ایریا پولیس نے قاسم، تھانہ کڑانہ پولیس نے طاہر، تھانہ عطاء شہید پولیس نے ممتاز، تھانہ کوٹ مومن پولیس نے رمضان اور تھانہ میلہ پولیس نے اعجاز کو گرفتار کر لیا ہے۔اسی طرح عدالتی مفروران کے خلاف کاروائی (بقیہ نمبر 3 8)

سندھ ہائیکورٹ کا شہباز گل کو کراچی میں درج مقدمات میں گرفتار نہ کرنے کا حکم

سندھ ہائیکورٹ میں قومی اداروں کے خلاف تضحیک آمیز بیان دینے سے متعلق شہباز گل کے خلاف کیس کی سماعت ہوئی

شہباز گل کی درخواست میں کہا گیا ہے کہ میرے خلاف تھانہ سرجانی ٹاٹن، بریگیڈ اور رضویہ میں مقدمات درج کیے گئے ہیں

کراچی (نمائندہ خصوصی) سندھ ہائیکورٹ نے پولیس کو پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شہباز گل کو کراچی میں درج مقدمات میں گرفتار کرنے سے روک دیا۔سندھ ہائیکورٹ میں قومی اداروں کے خلاف تضحیک آمیز بیان دینے سے متعلق شہباز گل کے خلاف کیس کی سماعت ہوئی۔شہباز گل کے وکلا کا کہنا تھا کہ سندھ میں درج مقدمات کالعدم قرار دینے کے لیے سندھ ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر رکھی ہے، جب تک درخواست پر حتمی فیصلہ نہیں ہو جاتا، پولیس کو شہباز گل کو گرفتار کرنے سے روکا جائے۔شہباز گل کی درخواست میں کہا گیا ہے کہ میرے خلاف تھانہ سرجانی ٹاٹن، بریگیڈ اور رضویہ میں مقدمات (بقیہ نمبر 44)

کراچی: پی ٹی آئی رہنماء شہباز گل گفتگو کر رہے ہیں

سالانہ مالی گوشواروں کی تفصیلات جمع نہ کرانے والے پارلیمنٹیرینز کی تفصیلات جاری

اسلام آباد (نامہ نگار) الیکشن کمیشن آف پاکستان)ای سی پی (نے سالانہ مالی گوشواروں کی تفصیلات جمع نہ کرانے والے پارلیمنٹیرینز کی تفصیلات جاری کر دیں۔ای سی پی کی جاری تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر مذہبی امور مفتی عبدالشکور، سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی بھی گوشوارے جمع نہ کرانیوالوں میں شامل ہیں، چیئرمین کشمیر کمیٹی مخدوم زادہ سید باسط سلطان بخاری اور سید خورشید شاہ نے بھی (بقیہ نمبر 4 0)

2022 میں پنجاب اسمبلی کے 3 وزیراعلیٰ، ایک اسپیکر وڈپٹی اسپیکر تبدیل ہوئے

لاہور (نامہ نگار) صوبہ پنجاب کی تاریخ میں سال 2022 کو سیاسی کشمکش رسہ کشی اور کھینچا تانی کا سال قرار دیا جا رہا ہے 2022 حکمران جماعت اپوزیشن اور اپوزیشن جماعتوں کو حکمران بننے کا بھی سال رہا ہے۔تاریخ میں پہلی مرتبہ اس صوبے میں ایک سال کے اندر 3 وزرائے اعلیٰ، ایک اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر تبدیل ہوئے۔وزیراعلیٰ اور اسپیکر وڈپٹی اسپیکر کی کرسی کیلیے ن لیگ اپنے اتحادیوں (بقیہ نمبر 4 1)


لاہور: پنجاب اسمبلی کے اجلاس کی تاریخ تبدیل کر دی گئی اب گیارہ جنوری کے بجائے 9 جنوری کو ہوگا۔

سونے کے نرخ میں بڑا اضافہ، قیمت پھر بلند ترین سطح پر

رواں سال سونے کی فی تولہ قیمت میں 58 ہزار روپے کا اضافہ ہوا

کراچی (جنرل رپورٹر) عالمی سطح پر سونے کی قیمت مستحکم رہنے کے باوجود مقامی سطح پر سونے کے نرخ میں ایک بار پھر بڑا اضافہ ہو گیا۔عالمی مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت بغیر کسی تبدیلی کے 1824 ڈالر کی سطح پر مستحکم رہی تاہم ملکی سطح پر سونے کے نرخ بڑھ گئے۔ملکی سطح پر سونے کے نرخ بڑھنے کے سبب فی تولہ سونے کی قیمت 3300 روپے بڑھ کر ایک لاکھ 87 ہزار 200 روپے کی سطح پر آ گئی جب کہ دس گرام سونے کی قیمت 2829 روپے بڑھ کر ایک لاکھ 60 ہزار 494 روپے کی سطح پر آ گئی۔اسی طرح فی تولہ چاندی کی قیمت 30 روپے بڑھ کر 2100 روپے اور دس گرام چاندی کی قیمت بھی (بقیہ نمبر 47)

پنجاب میں سینکڑوں دہشتگرد گرفتار، سی ٹی ڈی کی سالانہ کارکردگی رپورٹ جاری

لاہور (خبر نگار) کاؤنٹر ٹیررزم ڈیپارٹمنٹ پنجاب)سی ٹی ڈی (نے 2022 کی سالانہ کارکردگی رپورٹ جاری کر دی۔سی ٹی ڈی حکام کی جانب سے جاری پریس ریلیز کے مطابق (بقیہ نمبر 4 6)

سید شہزاد ندیم بخاری کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری، شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم میں قانونی کاروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے، تھانہ کی سطح پر سروس ڈیلیوری کو یقینی بنایا جائے، انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں (بقیہ نمبر 45)

راولپنڈی: سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری کھلی کچہری کے دوران مسائل سن کر احکامات جاری کرتے ہوئے

پی ایم ایل این کے سابقہ ضلعی صدر سردار ممتاز کا پی ٹی آئی میں شمولیت کے بعد لیگی رہنما بوکھلاہٹ کا شکار

واہ کینٹ (بیورو رپورٹ) پی ایم ایل این کے سابقہ ضلعی صدر سردار ممتاز کا پی ٹی آئی میں شمولیت کے بعد لیگی رہنما بوکھلاہٹ کا شکار۔جن کے ضلعی صدر عمر فاروق کے بڑے بھائی حاجی نصیر پی ٹی آئی کے خلاف منفی پراپیگنڈوں پر اتر آئے۔جنہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہ پی ٹی آئی کے سابقہ وفاقی وزیر غلام سرور خان پی ٹی آئی کو چھوڑ کر (بقیہ نمبر 48)

ڈی آئی خان؛ پولیو مہم سیکورٹی پر مامور پولیس نفری پر فائرنگ

پولیس کی جوابی کارروائی کے نتیجے میں حملہ آور نزدیکی علاقوں میں فرار ہو گئے

ڈیرہ اسماعیل خان (خبر نگار) مختلف اضلاع سے پولیو مہم کے لئے آنے والی پولیس نفری پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کی تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ڈی پی او ڈیرہ اسماعیل خان محمد شعیب نے فوری طور پر ایس ڈی پی او صدر حافظ محمد عدنان اور ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر اصغر علی شاہ کو نفری کے ساتھ موقع پر روانہ کر دیا۔پولیس کی جوابی کارروائی کے نتیجے میں حملہ آور نزدیکی علاقوں میں فرار ہو گئے۔رات کے اندھیرے میں پولیس نے حملہ آوروں کی گرفتاری کے لیے سرچ آپریشن بھی کیا۔ڈی پی او محمد شعیب نے کہا ہے کہ ڈیرہ اسماعیل خان میں پانچ روزہ پولیو مہم کی سیکورٹی سخت کرتے ہوئے کھلے عام اسلحہ کی نمائش اور موٹر سائیکل پر ڈبل سواری پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔مختلف اضلاع سے پولیو مہم کے لئے آنے والی پولیس نفری پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کی تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ڈی پی او ڈیرہ اسماعیل خان محمد شعیب نے فوری طور پر ایس ڈی پی او صدر حافظ محمد عدنان اور ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر اصغر علی شاہ کو (بقیہ نمبر 49)

سی پیک معاشی اور سماجی استحکام ہی قومی سلامتی ہے، شیخ رشید

پاکستان نازک ترین موڑ پر پہنچ گیا ہے، کپڑے بیچنے والا شہباز شریف بھی اعتراف کر رہا ہے کہ شدید معاشی بحران ہے

15 جنوری کو ایم کیو ایم کا بھی پتہ چل جائے گا، پی ڈی ایم کا عمران خان پر ہر ناکام حملہ ان کے اپنے گلے پڑ رہا ہے، شیخ رشید

راولپنڈی (خبر نگار) سربراہ پاکستان عوامی مسلم لیگ اور سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ سیاسی، معاشی اور سماجی استحکام ہی قومی سلامتی ہے، امید ہے اس پر آج فیصلہ ہوگا۔سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں شیخ رشید احمد کا کہنا تھا کہ آرمی کا سپہ سالار بھی کہہ رہا ہے کہ پاکستان نازک ترین موڑ پر پہنچ گیا ہے، کپڑے بیچنے والا شہباز شریف بھی اعتراف کر رہا ہے کہ شدید معاشی بحران ہے لیکن اسحاق ڈار کو یہ بات سمجھ نہیں آ رہی، حل صرف الیکشن ہیں ورنہ ڈیفالٹ دروازے پر ہے۔آرمی کا سپہ سالار بھی کہہ رہا ہے کہ پاکستان نازک ترین موڑ پر پہنچ گیا ہے کپڑے بیچنے والا شہباز بھی اعتراف (بقیہ نمبر 50)

پتوکی: پولیس کی کارروائی، 2 خواتین سمیت 5 منشیات فروش گرفتار

جبکہ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے

پتوکی (کرائم رپورٹر) پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کی گئی ایک کاروائی کے دوران 2 خواتین سمیت 5 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔پتوکی پولیس کے مطابق تھانہ صدر کی جانب سے کی گئی کاروائی کے دوران گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 20 کلو ہیروئن، 2 کلو آئس اور 8 افیون کے (بقیہ نمبر 5 1)

سرگودھا: پولیس کی منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائی

سرگودھا (کرائم رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد طارق عزیز کی ہدایت پر منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، تھانہ بھلوال صدر پولیس نے سلیم سے چرس 480 گرام، تھانہ اربن ایریا پولیس نے عمران سے شراب 60 لٹر، تھانہ کینٹ پولیس نے اکرم سے شراب 100 گرام، ہیروئن 20 گرام، تھانہ عطاء شہید پولیس نے نوید سے شراب 20 لٹر، تھانہ میلہ پولیس نے اکرام سے بندوق 12 بور، تھانہ ساہیوال پولیس نے نعمان سے ریوالور 32 بور اور تھانہ شاہ پور صدر پولیس نے ممتاز سے پسٹل 30 بور برآمد کر کے گرفتار ملزمان کے خلاف منشیات (بقیہ نمبر 5 3)

ایکسائز اینڈ نارکوٹکس ای پی ایس اوہاڑو سرکل کی کامیاب کارروائی

سندھ پنجاب باڈر پر چیکنگ کے دوران آلٹو کار سے 40 کلو گرام چرس برآمد

سومیانی (نمائندہ عوامی للکار) ایکسائز اینڈ نارکوٹکس ای پی ایس اوہاڑو سرکل کی کامیاب کارروائی، سندھ پنجاب باڈر پر چیکنگ کے دوران آلٹو کار سے 40 کلو گرام اعلیٰ کوالٹی کی چرس برآمد کر لی، 2 ملزمان کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا، اس موقع پر ایکسائز انسپکٹر حسن علی دشتی کا کہنا تھا کہ منشیات فروش کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہیں، یہ ملک و قوم دونوں کے دشمن ہیں، ایسے عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، عوام الناس سے اپیل ہے کہ منشیات کی روک تھام کیلیے حکومتی اداروں (بقیہ نمبر 52)

سومیانی: ایکسائز اینڈ نارکوٹکس ای پی ایس اوہاڑو سرکل کی کامیاب کارروائی

طیلی سٹور سستا آٹا تقسیم کو وفاقی حکومت نے مشکل بنا دیا

عظمت خان سے معلومات فراہم کی تو بتایا گیا کہ 400 ریٹ خیبر پختونخواہ کے لیے جو مقرر ہے وہ سسٹم کو ٹرانسفر نہیں ہوتا

اوٹی پی بحالی سے عوام کو مشکلات ہوگی وفاقی حکومت پہلے والا سسٹم بحال کریں تا کہ عوام کو بلا تکلیف گھر گھر تک سستا آٹا آسانی سے مل سکے

پشاور (نمائندہ عوامی للکار) یوٹیلٹی سٹور سستا آٹا تقسیم کو وفاقی حکومت نے مشکل بنا دیا آج پورے خیبر پختونخواہ میں یوٹیلٹی سٹور سستا آٹا سے محروم ہو گیا ہے اوٹی پی بحالی سے عوام کو مشکلات ہوگی وفاقی حکومت پہلے والا سسٹم بحال کریں تا کہ عوام کو بلا تکلیف گھر گھر تک سستا آٹا آسانی سے مل سکے یوٹیلٹی سٹور کے حوالے سے امیر مقام کے فکل پرسن عظمت خان سے معلومات فراہم کی تو بتایا گیا کہ 400 ریٹ خیبر پختونخواہ کے لیے جو مقرر ہے وہ سسٹم کو ٹرانسفر نہیں ہوتا جس کی وجہ سے سپلائی اور آٹا تقسیم میں مشکلات پیش آتی ہے اس لیے آج سپلائی روک دی گی ہے انہوں نے کہا کہ کل تک سپلائی بحال کر دی جا گی اور پرانا سسٹم بحالی کے لیے وزیراعظم کے مشیر وصوبائی انجیر امیر مقام کے نوٹس میں اج ہی لایا جائیگا جلد ہی پرانا سسٹم بحال کیا جائیگا۔یوٹیلٹی سٹور سستا آٹا تقسیم کو وفاقی حکومت نے مشکل بنا دیا آج پورے خیبر پختونخواہ میں یوٹیلٹی سٹور سستا آٹا سے محروم ہو گیا ہے اوٹی پی بحالی سے عوام کو مشکلات ہوگی وفاقی حکومت پہلے (بقیہ نمبر 5 5)

اندھیر نگری چوپٹ راج، وزیراعلیٰ سندھ کے پروٹوکول آفیسر بھی ڈاکوں کے ہتھے چڑھ گئے

کراچی (نمائندہ عوامی للکار) صوبائی دارالحکومت کراچی میں اسٹریٹ کرائمز کی وارداتیں تھم نہ سکیں، وزیراعلیٰ سندھ کے پروٹوکول افسر مہمانوں سمیت ڈاکوں کے ہتھے چڑھ گئے۔پولیس (بقیہ نمبر 56)

چکلالہ سکیم 3 یوسف کالونی میں ٹینکر مافیا کا راج.

ہر وقت ہلڑ بازی، نازیبا گفتگو اور جگہ جگہ بیٹھ کر رفع حاجت کرتے ہیں

یوسف کالونی میں پانی کی عدم دستیابی اور ٹینکر مافیا کا راج انتظامیہ کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) یوسف کالونی، سکیم تھری، راولپنڈی میں پانی کی شدید قلت پانی کی لائنز فیسز جمع ہونے کے باوجود پانی کی پائپ لائنیں نہیں بچھائی گئیں۔کیونکہ علاقہ کے منتظمین کا پائپ لائنیں نہ بچھانے میں بہت بڑا ہاتھ ہے۔اسکے علاوہ ٹینکر مافیا کا بڑا راج ہے۔جس کی بدولت ٹینکر مافیا ہر وقت رہائشی ایریا میں ٹینکر کھڑے کر کے ڈیرہ جمائے بیٹھے رہتے ہیں اور ہر وقت ہلڑ بازی، نازیبا گفتگو اور جگہ جگہ بیٹھ کر رفع حاجت کرتے ہیں۔جس سے علاقہ رہائشیوں خصوصا عورتوں اور بچوں کا گزرنا مشکل ہو گیا ہے۔علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ یوسف کالونی کو سوسائٹی کا درجہ دینے کے باوجود اس علاقے پر کوئی توجہ نہیں دی جا رہی۔اور نہ ہی پانی کی عدم دستیابی جیسے بڑے مسئلے کا کوئی خاطر خواہ حل نکالا گیا۔جس وجہ سے اس علاقہ میں ٹینکر مافیا عروج پر ہے۔یوسف کالونی میں پانی کی عدم دستیابی اور ٹینکر مافیا کا راج انتظامیہ کی نا اہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔علاقہ مکینوں نے اپیل کی ہے کہ یوسف کالونی می پانی کی پائپ لائنیں بچھائی جائیں اور ٹینکر مافیا کا راج ختم کر کے یوسف کالونی کے باسیوں کو ٹینکر مافیا سے رہائی دلوائی جائے اور سڑک کی بحالی کا کام فورا کروایا جائے۔علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ یوسف کالونی کو سوسائٹی کا (بقیہ نمبر 5 4)

چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار

اشتہاری مجرم محمد گزشتہ سال سے راولپنڈی پولیس کو مطلوب تھا

اشتہاری مجرمان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے گا، ملک طارق محبوب

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) کینٹ پولیس کی کاروائی، چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار۔تفصیلات کے مطابق کینٹ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم محمد صابر کو گرفتار کر لیا، اشتہاری مجرم محمد گزشتہ سال سے راولپنڈی پولیس کو مطلوب تھا، ایس پی پوٹھوہار ملک طارق محبوب کا کہنا تھا کہ اشتہاری مجرمان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے گا۔کینٹ پولیس کی کاروائی، چیک (بقیہ نمبر 60)

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر، ایس ایچ او تھانہ باڑہ شمشاد خان کے خصوصی ہدایات

بغیر دستاویزات اور کالے شیشے والے گاڑیوں اور اسلحہ لائسنس وغیرہ چیک

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خیبر عمران خان اور ایس ایچ او تھانہ باڑہ شمشاد خان کے خصوصی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے انچارج باڑہ بازار نواب خان دیگر پولیس اہلکاروں کے ہمراہ ریڈ مینار چیک پوسٹ پر امن وامان کی صورتحال یقینی بنانے کیلیے بغیر دستاویزات اور کالے شیشے والے گاڑیوں اور اسلحہ لائسنس وغیرہ چیک کیے۔نواب آفریدی نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہ